U33158. P - 26-1209

Title - SITARA TARAQQI HIND YAANI KHADDAR MASTER.

Creator - Pandit Hari Ram.

Publisher - Ram Press (Meerut).

Date - 1931

Pages - 136.

Subjects - Fanoon - Kapda Saazi; Textile Art.

ستارۂ ترقی ہند

یعنی

کھڈّا ماسٹر

جس میں

دیسی مشینوں کے ذریعہ سے ہر قسم کا کپڑا۔ کمبل۔ کشمیرہ وغیرہ وغیرہ
بُننے کی آسان ترکیبیں اور ڈیزائن وغیرہ دئے گئے ہیں

جسکو

پروفیسر پنڈت ہری رام صاحب ساکن موضع ایکڑی ضلع میرٹھ نے تالیف کیا

اور بعد حصول حق تالیف دوامی

کیدار ناتھ اینڈ سنس بُک سیلرس متصل تحصیل شہر میرٹھ نے

اپنے

رام پریس میرٹھ میں چھاپ کر شائع کیا

بار اوّل

قیمت ۸؍

۱۹۳۱ء

اوم

ستارۂ ترقی ہند

یعنی

کھدر ماسٹر

دیباچہ

کچھ عرصہ سے میرا خیال تھا کہ میں فن دستکاری (کپڑا بننے) کے متعلق کوئی ایسا رسالہ تصنیف کروں کہ جس کو پڑھکر اور سمجھکر ہر فرد بشر کپڑا بُننا سیکھ سکے۔ پس پرماتما نے میرے خیال کو پورا کیا۔ یعنی میرے خیال میں بُنائی کے متعلق کچھ باتیں ایسی پیدا ہوئیں۔ جن کو میں نے مجموعی طور پر لکھکر پبلک کے روبرو پیش کیا۔ اور یہ ایک چھوٹا سا رسالہ کھدر ماسٹر نامی تیاری کو پہنچا جس میں ہر ایک طرز بُنائی ہندوستانی طریقہ پر درج کی ہے مگر کچھ مروج قواعد انگریزی طرز کے بھی لکھے ہیں۔ جو مطلب براری میں پورے طور سے مفید ثابت ہوں گے۔

اس رسالہ میں مروری و گانٹھ لگانا۔ نلی و بابن بھرنا۔ ہاتھ و مشین کے ذریعہ تانا کرنا۔ مشین پر تانا چڑھا کر بُننا وغیرہ وغیرہ درج ہیں۔ اس کے علاوہ ہر سوت، راچھ (ہیلڈ) کنگھی (ریڈ) کے نمبر معلوم کرنا۔ نیز سوتوں کو پان (مانڈھی) دینا وغیرہ کے اکثر نسخے اور ان کے قاعدے درج کئے ہیں۔ ہر ایک کپڑے کے راچھ بھرنا اور پیچھے کے بندھن (جالا باندھنا) ہر ایک پھول دار و لہر دار کپڑوں کے ڈیزائن اور دیسی رنگوں کے متعلق اکثر نسخے ایسے درج کئے ہیں۔ جو کپڑوں کے لئے نہایت ضروری ہیں۔ عمدہ کپڑوں کے رنگنے نیز پختہ رنگ بنانے کی ترکیبیں اور مسالے درج ہیں۔ جن کو ہر ایک شخص آسانی سے خود کر سکتا ہے۔

ان سب باتوں کے علاوہ ہم نے اس کتاب میں دیسی مشینوں کے کام اور ان کے بنانے کے لیئے جن اوزاروں اور چیزوں کی ضرورت ہے ہر ایک حصّہ کی علیحدہ علیحدہ تصاویر ان کی ماپ تول وغیرہ اور مشین کے ہر حصّہ کو بنا کر ان کے فٹ کرنا بذریعہ تصاویر سمجھایا ہے جس سے ہر شخص اپنے گھر پر کم خرچ میں دیسی مشین بنوا سکتا ہے۔

دیکھا جاتا ہے کہ زمانہ حال میں بہت سے کارخانہ داروں نے اپنے فائدے کی غرض سے یہہ روزگار نکالا ہے کہ وہ کمزور خراب لکڑی کی مشینیں بنوا بنوا کر فروخت کرتے ہیں اور قیمت بھی زیادہ لیتے ہیں۔ ناواقف اشخاص ان مشینوں کو لیجاتے ہیں اور ان کے جلد خراب ہو جانے اور بار بار مرمت کرانے سے یا جدید خرید کرنے سے بڑا نقصان برداشت کرتے ہیں۔ جس کی وجہ سے اُن شخصوں کی طبیعت بُنائی کے کام سے بالکل متنفر ہو جاتی ہے۔ اس لیئے پھر وہ کسی کو اس کام کے کرنے یا کرانے کی رائے بھی نہیں دیتے۔ کیونکہ اُن کو زیادہ محنت و جانفشانی اور زر خرچ کرنے پر بھی مزہ حاصل نہیں ہوا۔

بایں وجہ خاکسار نے بڑی کوشش و جانفشانی سے ترقی ہند کے لیئے یہ حقیر رسالہ تصنیف کر کے کھدر پرہی اشخاص کی خدمت میں پیش نظر کیا ہے۔ اُمید قوی ہے کہ صاحبان مذکور الصدر اس کو اپنا کر خادم کی خدمت کو قبول فرمائیں گے۔ اُس وقت مشکور ہوں گا۔

المشتہر

خادم القوم

ہری رام شرما ویونگ ماسٹر

موضع گدھی ہرسرو

ویونگ کی عام ہدایات

سب سے پہلے ہم کو ایسے مکان کی جس میں کارخانہ کھولا جاوے۔ ضرورت ہوگی۔ کہ جس کا احاطہ بڑا اور وسیع ہو اور اس کے اندر چاروں طرف برآمدے نما مکان بنے ہوئے ہوں جن میں ہر ایک کام علیحدہ علیحدہ ہوتا ہے۔ یعنی بُننے کے متعلق الگ اور تانا و نلے وغیرہ بھرنے کے متعلق الگ الگ مکان بنے ہوں۔ جس کی شکل مندرجہ ذیل ہے۔

نقشہ مکان نمبر ا دیکھو

(۲) مشین مضبوط اور چکنی لکڑی کی ہونی چاہیئے۔

(۳) ہر ایک کام کے واسطے علیحدہ علیحدہ آدمی مقرر ہونے چاہئیں۔

(۴) مکان میں روشنی اور ہوا کا خیال رکھنا لازم ہے۔

تعریفات

نلی۔ کانڈی۔ یہ ساگون یا دیودار کی لکڑی کی بنی ہوتی ہے۔ اوپر کا سرا موٹا اور اس کے بعد پتلی ہوتی چلی آتی ہے۔ اور اس کے بیچ میں سوراخ ہوتا ہے۔ اس کی لمبائی و موٹائی سٹیل کے لحاظ سے ہوتی ہے۔ یعنی بڑی بھی ہوتی ہے اور چھوٹی بھی اس کے اوپر بانے کا سوت چڑھا کر سٹیل میں لگائی جاتی ہے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۲)

بابن۔ یہ بھی کانڈی کی طرح ساگون۔ دیودار۔ شیشم کی لکڑی کا بنا ہوتا ہے اس کے دونوں طرف کے سروں پر گول چکر کی طرح بنا کر ایک لکڑی کے گول میں چھید کر کے جما دیتے ہیں۔ اور ان دونوں چکروں اور ٹکڑوں کے درمیان سوراخ کر دیتے ہیں۔ اس کی چھوٹائی بڑائی کچھ مقرر نہیں۔ چاہے اس کو چھوٹا بنوا لیں چاہے بڑا۔ اس پر سوت کو ان دونوں چکروں کے درمیان خوب اچھی طرح چڑھا لیتے ہیں۔ سوت چڑھ جانے کے بعد ان سے تانا کرنا شروع کر دیتے ہیں۔

(دیکھو تصویر نمبر ۳)

نال سٹیل۔ یہ لکڑی و لوہے اور چینی مٹی سے ملا کر بنائی جاتی ہے۔ اس کی بناوٹ

کشتی نما ہوتی ہے۔ اس کے دونوں طرف سروں پر لوہے کے شیام لگائے جاتے ہیں۔ جو آگے کی طرف سے بہت پتلے جو نچدار ہوتے ہیں۔ اس کا بیچ کا حصہ لکڑی کا ہوتا ہے۔ اور اس کے بیچ میں ایک لوہے کا سُوا لگایا جاتا ہے۔ جس میں کانڈی لگاتے ہیں۔ اور اس کے ایک طرف موٹے سوراخ کر کے چینی کے من کے لگا دیئے جاتے ہیں۔ جس میں کہ کانڈی سے سُوت اُتر کر اور ان منکوں کے بیچ کو گذر کر کپڑے کے بانے میں پڑتا ہے۔ یہ بھی بابن کی طرح کئی ایک سائز کی ہوتی ہیں۔ یعنی ۹ پانچ لغایت ۸ ا پانچ ہوتی ہیں۔ مگر یہ بات یاد رکھنی چاہیئے۔ کہ سٹیل مشین کے مطابق ہی منگوانی چاہیئے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۴)

پٹّی یا ریڈ۔ یہ لوہے لکڑی اور سُوت وغیرہ سے ملا کر بنائی جاتی ہے۔ ولایتی ریڈ لوہے سے بنتی ہے۔ اور دیسی کنگھی سرکڑوں سے بنائی جاتی ہے۔ ان کی لمبائی کچھ مقرر نہیں مگر ہاں اس کی چوڑائی ۴ ½ پانچ کی ہوتی ہے۔ اسی طرح دیسی کنگھیوں کی چوڑائی ۳ پانچ کی ہوتی ہے۔ ولایتی ریڈ نمبروں کے مطابق ہوتی ہیں۔ (زیادہ نمبر کی باریک اور کم نمبروں کی موٹی ہوتی ہے) اس کے گھروں میں تانے کے تار (دھاگے) نکالے جاتے ہیں۔ جو کہ کپڑے میں بانے کے تاروں کو ٹھوکتی (پیچھے کو) ہٹاتی جاتی ہے۔ اسی طرح دیسی کنگھی کا بھی یہ ہی کام ہے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۵)

رچھ ہیلڈ۔ یہ سوت کے دھاگوں سے بنائے جاتے ہیں۔ جس وقت بن کر تیار ہو جاتے ہیں۔ تو ان پر وارنش کرتے ہیں۔ جس سے انہیں سختی - - - آجاتی ہے۔ اس کی لمبائی بھی مقرر نہیں ہے۔ یعنی چھوٹے بھی بنتے ہیں اور بڑے بھی۔ مگر ہاں اس کی چوڑائی تقریباً ایک فٹ کی ہوتی ہے۔ یہ دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک ولایتی دوسرے

دیسی۔ .... ولایتی مضبوط و پائیدار ہوتے ہیں۔ اور دیسی کمزور ہوتے ہیں۔ مگر ولایتی ہیلڈ بھی دو قسم کے ہوتے ہیں۔ (۱) جو اِدھر اُدھر کو حرکت کرتے ہیں۔ جن کو موبئول ہیلڈ بولتے ہیں اور (۲) وہ جو اپنی جگہ پر قائم رہتے ہیں۔ ان چھپوں (ہیلڈوں) سے ہم کو یہ فائدہ ہے۔ کہ یہ تانے کے تاروں کو علیحدہ علیحدہ کر دیتے ہیں۔ جن کی صورت تصویر نمبر ۶ میں درج ہے (دیکھو تصویر نمبر ۶)

پیچرس - اس کو ہندوستانی زبان میں گٹکا کہتے ہیں یہ دو قسم کا ہوتا ہے - اول ولایتی ۲ دیسی ولایتی گٹکا اونٹ کے چمڑے کا بنایا جاتا ہے۔ جو کہ بڑا مضبوط و پائیدار ہوتا ہے اس کے قد کی لمبائی ۳ انچ اور چوڑائی ۳ انچ ہوتی ہے۔ اس کی لمبائی کی طرف بیچ میں سوراخ کھلا ہوتا ہے۔ جس میں کہ لوہے کی سلاخ ڈالی جاتی ہے۔ یہ اسپنڈل کو ادھر ادھر مارتا رہتا ہے۔ (دیکھو تصویر نمبر)

اور دیسی گٹکا لکڑی کا بنایا جاتا ہے۔ اس کی لمبائی و چوڑائی وغیرہ مشین کے بکس کے مطابق ہوتی ہے۔ اور کام بھی اس کا یہی ہے۔ جو کہ ولایتی گٹکے کا صورت اس کی تصویر نمبر سے ظاہر ہے (دیکھو تصویر نمبر)

سیپٹا - یہ دیودار یا ترسل کی لکڑی کا ہوتا ہے - جو کہ تانے میں ریڈ و ہیلڈ کے پیچھے کی طرف لگایا جاتا ہے اس سے تانے کے دھاگوں کی سیدھ (جگہ) معلوم ہو جاتی ہے - (دیکھو تصویر نمبر ۹)

ٹیمپل - یہ ولایتی اوزار ہے - اس کو ہمارے ملک میں بیچ کہتے ہیں - ولایتی لوہے و پیتل سے بنایا جاتا ہے۔ جس کو کپڑے کے دونوں طرف کناروں پر لگاتے ہیں۔ جس سے کپڑے کے عرض میں کوئی کمی نہیں ہوتی اور دیسی لکڑی کی چپٹیوں سے بنایا جاتا ہے اس کو بھی کپڑے پر اس واسطے لگاتے ہیں - کہ کپڑے کا عرض کم نہ ہو (دیکھو تصویر نمبر)

ریڈ ھتش - یہ اسپنڈل کی لکڑی کا بنایا جاتا ہے - اس کی لمبائی ۴ انچ اور چوڑائی تقریباً ½ ۱ انچ ہوتی ہے اس کے سرے گول اور چپٹے بنائے جاتے ہیں۔ ایک سرے پر سوراخ ہو کر وہ دھوری کی طرف کنارے تک کاٹ دیا جاتا ہے۔ اس سے کنگھی (ریڈ) بھرنے میں زیادہ آسانی رہتی ہے - (دیکھو تصویر نمبر)

تار بھرنی - اس کو لوہے کے موٹے تار سے بناتے ہیں۔ اس کی لمبائی ½ ۵ انچ اور چوڑائی تقریباً ایک سوت ہوتی ہے - اور پچھلی طرف لکڑی کا دستہ بنا ہوتا ہے۔ اور اگلا سرا (ریڈ ھتش) کی طرح ہوتا ہے - (دیکھو تصویر نمبر)

پلیٹ - یہ بھی اوپر کی طرح دو قسم ہوتے ہیں - ولایتی - دیسی (ولایتی) لوہے کی چادر کا بنایا جاتا ہے - اور عموماً بڑے بھی اور چھوٹے بھی ہوتے ہیں۔ اس کی شکل گول ہوتی ہے - کنارے باہر کی طرف کو موڑے جاتے ہیں۔ جس سے سوت کو کوئی

نقصان پیدا نہ ہو اور (دیسی) دیودار یا ساگون کی لکڑی سے بناتے ہیں۔ اس کی شکل بھی گول ہوتی ہے اور بیچ میں ایک بڑا سوراخ ہوتا ہے یہ تانے کے رول (بیم) کے دونوں طرف لگائے جاتے ہیں۔ جس سے تانے کا کنارا نیچے نہ گرے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۱۳)

ڈبکاٹ یا چکری - چکری دو قسم کی ہوتی ہیں۔ لوہے کی اور لکڑی کی مشین میں اوپر کی طرف لگائی جاتی ہیں ان سے کی بندش (جالا) باندھتے ہیں۔ (دیکھو تصویر نمبر ۱۴)

اور ڈبکاٹ کی لمبائی ایک فٹ چوڑائی ۱½ انچ ہوتی ہے یہ بھی اوپر کا جالا باندھنے کے کام آتے ہیں (دیکھو تصویر نمبر ۱۵)

کتّا - یہ لوہے کا ۲ سوت موٹی پٹی سے بنایا جاتا ہے۔ آگے کا سرا نیچے کی طرف مڑا ہوتا ہے اور باقی حصہ سیدھا ہوتا ہے۔ یہ رول کی رکاوٹ کے واسطے گراری میں لگایا جاتا ہے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۱۶)

پیڈل - یہ نیچے کی طرف لگایا جاتا ہے۔ اس کے آگے کے سرے میں سوراخ ہو کر اس سوراخ میں ہیلڈ کی ڈوری باندھی جاتی ہیں۔ اور پچھلے سرے پر سوراخ ہو کر اس میں لوہے کا گز ڈالا جاتا ہے۔ جو کہ مشین میں باندھ دیا جاتا ہے۔ اس سے ہم کو یہ فائدہ ہے کہ ہیلڈ ول کو نیچے کی طرف دبا دیتا ہے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۱۷)

کلوتھ رولر - یہ بھی لکڑی کا ہوتا ہے۔ دونوں طرف سروں پر لوہے کی شیام ہوتی ہیں۔ اس کی موٹائی تقریباً ۳ انچ ہوتی ہے۔ اور تانے کا رول بھی اوپر کی طرح ہوتا ہے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۱۸)

سند - یہ لکڑی و لوہے کے تاروں سے بنائی جاتی ہے اول لوہے کے تاروں کے ۷ انچ لمبے ٹکڑے کاٹے جاتے ہیں۔ پھر ان کا بیچ چپٹا کر کے برمے سے سوراخ کر دیئے جاتے ہیں۔ پھر لکڑی کا چوکھٹا بنا کر اس میں کھام کھینچے جاتے ہیں۔ اس میں تانے کے تار نمبر وار ہو کر گزرتے ہیں۔ یہ سند ڈالنے کے کام آتی ہے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۱۹)

سُوتوں کا بیان

سوال ------ سُوت کس کو کہتے ہیں اور کیسے بنتا ہے؟

جواب باریک پتلے تاروں کو کہتے ہیں جو کہ بہت سے چھوٹے چھوٹے اور باریک رُوؤں کو آپس میں ملا کر بٹ دینے سے بنتا ہے۔ اس کو سُوت کہتے ہیں۔

سوال - سُوت کتنی قسموں کا ہوتا ہے؟

جواب - سُوت پانچ قسم کا ہوتا ہے۔ نمبر۱ ریشم - نمبر۲ اُون - نمبر۳ روئی - نمبر۴ لنٹر - نمبر۵ سلک

سوال - ریشم کے قسم کا ہوتا ہے؟ کس چیز سے ہم کو ملتا ہے؟

جواب - ریشم ہم کو چھوٹے چھوٹے کیڑوں سے ملتا ہے۔ جن کو ریشم کے کیڑے کہتے ہیں اور یہ دو قسم کا ہوتا ہے۔ ۱ اصلی ۲ نقلی۔

سوال - ریشم کن ملکوں میں زیادہ پیدا ہوتا ہے؟

جواب - ریشم چین کے ملک میں بہت کثرت سے پیدا ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ روم - آسام میں بھی پیدا ہوتا ہے۔ اور بنگال میں کئی ایک بڑے بڑے کارخانے ہیں۔

سوال - ریشم کس طرح سے پیدا ہوتا ہے؟

جواب - ریشم کیڑوں سے پیدا ہوتا ہے۔ یہ کیڑے شہتوت کے پیڑوں پر پالے جاتے ہیں کیونکہ ان کیڑوں کی خوراک شہتوت کے پتے ہیں۔ جب کیڑے اپنا پیٹ بھر کے خوب موٹے تازہ ہو جاتے ہیں اس وقت یہ کیڑے اپنے منہ سے تار نکالنا شروع کرتے ہیں۔ اور مکڑی کی طرح جالا تنتے ہیں اور اپنا اندر ہی اندر اس کو تنتے رہتے ہیں۔ جس وقت وہ کیڑا اس کے اندر مر جاتا ہے۔ اس وقت وہ لوگ ان کو جمع کر لیتے ہیں۔ اور پھر چرخی میں اوٹ کر ریشم بنا لیتے ہیں۔ پھر اس کا سوت کاتتے ہیں۔ مگر بعض وقت کیڑا اس کوئے کے اندر سے نکل آتا ہے۔ مگر پھر وہ ریشم خراب ہو جاتا ہے۔ اس ریشم کے گلبدن۔ اطلس دریائی وغیرہ کپڑے بنتے ہیں۔ یہ کچھ پیلے رنگ کا ہوتا ہے۔

نقلی ریشم جاپان - جرمن - انگلینڈ - امریکہ وغیرہ ملکوں میں بناتے ہیں۔ یہ سینبل اور آکھ کے ڈوڈوں کی روئی سے بنتا ہے۔ پہلے ان ڈوڈوں کو سکھاتے ہیں۔ اور پھر اس کے اندر سے روئی نکال کر دھنواتے اور صاف کر لیتے ہیں۔ دھنوانے سے ان کا ٹُوال علیحدہ علیحدہ ہو جاتا ہے۔ بعد

ہیں اس کی پونی بنا کر سوت کاتتے ہیں۔ مگر جاپان۔ جرمن وغیرہ ملکوں میں اس سوت وغیرہ کا سب کام انجن کی مشینوں سے ہوتا ہے۔ اس ریشم کے پیڑ ہوتے ہیں۔ جن پر کہ وہ پھل لگتے ہیں۔ جن کو ڈوڈے بولتے ہیں۔ اس ریشم کے بھی کپڑے وغیرہ بنتے ہیں۔ نقلی ریشم سفید رنگ کا ہوتا ہے اور بڑا چمکدار ہوتا ہے۔

بیان اُون

سوال۔ اُون کیا چیز ہے اور کس سے ملتی ہے؟

جواب۔ اُون چوپایہ جانوروں کے بالوں کو کہتے ہیں۔ یہ ہم کو بھیڑ۔ بکری۔ دُنبے۔ اونٹ وغیرہ جانوروں سے ملتی ہیں۔

سوال۔ اون کے قسم کی ہوتی ہے؟

جواب۔ اون تین قسم کی ہوتی ہے۔ ۱۔ موٹی۔ ۲۔ باریک۔ ۳۔ بہت ہی باریک۔ ہر ایک جانور کے .... کمر کے اوپر کی اون موٹی ہوتی ہے۔ اور پیٹ کے نیچے کی اون اس سے باریک ہوتی ہے۔ اور اُلزن کی اُون بہت ہی باریک و ملایم ہوتی ہے۔

سوال۔ اُون کا قدرتی رنگ کے قسم کا ہوتا ہے؟

جواب۔ اُون کا قدرتی رنگ تین قسم کا ہوتا ہے۔ ۱۔ کالا یعنی سیاہ۔ ۲۔ سفید۔ ۳۔ شتری یا بھورا۔ کالی اور سفید اُون بھیڑ۔ بکری اور دُنبے وغیرہ سے ملتی ہے۔ اور شتری اون اونٹوں سے ملتی ہے۔

سوال۔ اون کے جانور کہاں پر بکثرت ملتے ہیں۔ یعنی اون کہاں پر زیادہ پیدا ہوتی ہے۔

جواب۔ اُون کے جانور ہم کو پہاڑوں پر زیادہ ملتے ہیں۔ کیونکہ بھیڑ۔ بکری۔ دنبے وغیرہ جانوروں کو پہاڑی لوگ بکثرت پالتے ہیں۔ وہاں کے لوگوں کو ان جانوروں سے بڑا فائدہ پہونچتا ہے۔ اور دوسری اون جس کو شتری اون بولتے ہیں وہ اکثر اونٹ سے ہم کو ملتی ہے۔ یہ ریگستانی ملکوں میں بکثرت پیدا ہوتی ہے۔ کیونکہ وہاں کے لوگ اونٹوں کو بہت پالتے ہیں۔

سوال۔ اوّل قسم کی اون کو کیا کہتے ہیں۔ اور کس جانور سے ملتی ہے۔

جواب۔ اوّل قسم کی اُون کو پشمینہ یا شال بولتے ہیں۔ یہ ہم کو دنبوں سے ملتی ہے۔

سوال۔ ہندوستان میں یہ زیادہ تر کون سے ملک میں پیدا ہوتی ہے؟

جواب - ہندوستان میں یہ کشمیر میں زیادہ ملتی ہے - ہندوستان کے علاوہ ایشیا، کوچک و کابل وغیرہ میں بھی بکثرت ہوتی ہے - وہاں کے لوگ ان جانوروں کو بڑی کثرت سے پالتے ہیں - ان جانوروں سے ایک سال میں ان لوگوں کو دو دفعہ اُون ملتی ہے - جو اون جیت کے مہینہ میں ان جانوروں سے ان لوگوں کو ملتی ہے وہ بہت باریک اور ملائم ہوتی ہے - جس سے الوان وغیرہ بناتے ہیں - اس اون میں سے بھی وہ لوگ بچّوں کی اون علیحدہ رکھتے ہیں - کیونکہ بچّوں کی اُون بہت ملائم ہوتی ہے - اور بچّوں کی اون بھی تین قسم کی ہوتی ہے - گردن کی اون بہت ملائم - چمکدار ہوتی ہے جس کو پشمینہ بولتے ہیں اور بچوں کے پیٹ کے نیچے کی اون جوان جانوروں کے گردن کی اون کے برابر ملائم و چمکدار ہوتی ہے - اس واسطے وہ لوگ اُن جانوروں کی گردن کی اون اور بچوں کے پیٹ کے نیچے کی اون کو علیحدہ رکھتے ہیں جس سے شال - الوان وغیرہ بنائے جاتے ہیں - اور بچوں کی کمر اور دوسرے جانوروں کے پیٹ کے نیچے کی اون یکساں ہوتی ہے اس کو وہ لوگ الگ رکھتے ہیں - جس سے کشمیرہ - پٹّو وغیرہ بنائے جاتے ہیں - ان سب طرح کی اون کو وہ لوگ جمع کر کے صابون وغیرہ مصالحہ سے دھوتے ہیں - بعد میں اس کو سُکھا کر دھنواتے ہیں - جب دُھنکر تیار ہو جاتی ہے اس وقت وہ لوگ اُس کا سُوت کاتتے ہیں - ان دنبوں کے علاوہ بھیڑ - بکری سے بھی اون ملتی ہے - یہ زیادہ تر ہمارے ملک میں بھی پیدا ہوتی ہے - ان سے بھی ہم کو اوپر کے چوپایوں کی طرح اون ملتی ہے - ان مویشیوں کی اون سے کمبل - کشمیرہ - لوئی وغیرہ بنتی ہیں - مگر لوئیوں کے واسطے بیکانیر کی اون بڑی نفیس ہوتی ہے شتری اون اونٹوں سے ملتی ہے - یہ ریگستانی ملکوں میں زیادہ ہوتی ہے - جیسے ہندوستان میں راجپوتانا علاوہ اس کے دوسرے ملکوں میں یعنی ترکستان - عرب - افریقہ وغیرہ میں بہت ملتی ہے کیونکہ یہاں اونٹ بہت پالے جاتے ہیں

نوٹ - علاوہ اس کے سن - سنّی - بانس کیوڑے کا بھی سوت بنا کر کپڑے بناتے ہیں - جو کہ سُبھر - پنچ سُورت - بھاگلپور وغیرہ شہروں میں کثرت سے بنتے ہیں - جو دوپٹے بھاگلپوری کہلاتے ہیں - وہ اکثر انہیں سوتوں سے بنائے جاتے ہیں -

بیان سُوت رُوئی

سوال - کپاس کیا چیز ہے اور کس چیز سے پیدا ہوتی ہے -

جواب - کپاس ہم کو ایک درخت کے پھل سے ملتی ہے - جس کو ہم لوگ باڑی کہتے ہیں -

سوال - کپاس کے قسم کی ہوتی ہے۔
جواب - کپاس تین قسم کی ہوتی ہے ۱۔ نرما سفید ۲۔ نرما خاکی ۳۔ دیسی سفید۔
سوال - اس کی کاشت کہاں پر اثرت سے ہوتی ہے۔
جواب - علاقہ بمبئی میں گجرات و خاندیس میں ممالک متوسط میں ناگپور اور برار میں پنجاب میں اور ممالک متحدہ آگرہ و اودھ کے مغربی اضلاع میں بہت زیادہ پیدا ہوتی ہے۔ اوّل قسم کی کپاس جس کو نرما سفید بولتے ہیں آ اور گجرات کے وسط میں زیادہ ہوتی ہے۔

سوال - کپاس سے روئی کس طرح ملتی ہے۔
جواب - اوّل کپاس کو تقریباً ۴۸ گھنٹے دھوپ میں سکھاتے ہیں۔ بعد سوکھ جانے کے اس کو چرخی میں اوٹتے ہیں۔ اوٹنے سے روئی و بنولے الگ الگ ہو جاتے ہیں۔ بنولہ بونے اور دودھ دینے والے مویشیوں کے کام آتا ہے۔ اس کے کھانے سے مویشی دودھ زیادہ دیتے ہیں۔ اور بونے سے کپاس کا پیڑ (درخت) پیدا ہوتا ہے جس سے نئی کپاس پیدا ہوتی ہے اور وہ ہمارے کپڑوں کے کام آتی ہے۔
سوال - چرخی کے قسم کی ہوتی ہے۔ ولایتی چرخی کا مفصل حال بیان کرو۔
جواب - چرخی دو قسم کی ہوتی ہے ۱۔ ولایتی ۲۔ دیسی۔ ولایتی چرخی تمام لوہے کی ہوتی ہے اس کو انجن چلاتا ہے۔ اس میں کپاس اوٹنے کے بیلن چمڑے کے لگائے جاتے ہیں۔ اس چرخی میں جب کپاس اوٹتی ہے۔ تو اس سے پہلے کپاس کو نمی دی جاتی ہے۔ اس میں اوپر کی طرف سے کپاس ڈالی جاتی ہے۔ نیچے کی طرف بنولہ نکلتا ہے۔ اور برابر کی طرف روئی نکلتی جاتی ہے۔ یہ چرخی تقریباً ۱۲ گھنٹے میں ۶۰ – ۷۰ من کے قریب کپاس اوٹ دیتی ہے۔
سوال .... دیسی چرخی کس قسم کی ہوتی ہے اس کا مفصل حال بیان کرو۔
جواب - دیسی چرخی لکڑی و لوہے سے ملا کر بنائی جاتی ہے اس کی اونچائی تقریباً ۱½ فٹ کے ہوتی ہے اور چوڑائی بھی تقریباً اتنی ہی ہوتی ہے۔ اس میں نیچے کی طرف ایک پٹری ا ب ہوتی ہے۔ اس پٹری کی چوڑائی ۴ انچ موٹائی ۳ انچ اور لمبائی ۱۸ انچ کی ہوتی ہے۔ پٹری ا ب کے اوپر دو کھونٹے س د اور ل ک دونوں طرف سروں پر لگائے جاتے ہیں۔ جن کی اونچائی ۲۱ انچ اور موٹائی ۲ انچ کی ہوتی ہے۔ ان کھونٹوں کی شکل اوپر سے چوڑی اور نیچے کی طرف کم چوڑی ہوتی ہے۔ کھونٹوں کے دونوں اوپر کے سروں میں موٹے موٹے سوراخ کر لئے جاتے ہیں۔ جن میں پاچہ لگائی جاتی ہیں۔ اور ان کے اوپر بیلن ص ط ح ی لگاتے ہیں۔ یہ بیلن لکڑی و لوہے کے ہوتے ہیں۔ اوپر کا بیلن لوہے کا

اور نیچے کا لکڑی کا ہوتا ہے۔ یہ دونوں بیلن ایک طرف سے موٹے اور دوسری طرف سے پتلے ہوتے ہیں اور موٹی طرف ان بیلنوں میں پر (پینچ) کاٹے جاتے ہیں۔ نیچے کے یعنی لکڑی والے بیلن میں ہتھلی لگائی جاتی ہے۔ اور پھر اس ہتھلی میں نیچے کی طرف ایک بڑا گول سوراخ کرتے ہیں۔ جس میں گھیرنی لگائی جاتی ہے۔ جس سے اس چرخی کو چلاتے ہیں۔ اور نیچے کی پٹڑی (دب) سے ایک پٹڑی مٹ تقریباً ۱½ فٹ لمبی پیچھے کی طرف کو لگاتے ہیں۔ جس پر بوجھ رکھتے ہیں۔ جب اس طرح چرخی تیار ہو جاتی ہے تو پھر گھیرنی رنج کو چاروں طرف گھماتے ہیں۔ اور بیلنوں کے بیچ میں کپاس دیتے رہتے ہیں۔ جس سے روئی پیچھے کو اور بنولہ آگے کی طرف گرتے رہتے ہیں۔ اس کو ایک آدمی کافی ہوتا ہے یہ تقریباً ۲ گھنٹہ میں ½ من کپاس نکالتی ہے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۲۰)

سوال۔ جس وقت روئی اوٹ کر تیار ہو جاتی ہے تو پھر ہم اس کو کیا کرتے ہیں۔

جواب۔ جسوقت روئی اوٹ کر علیحدہ کر دی جاتی ہے۔ اس وقت ہم اُس کو دھنولتے ہیں۔ دھننے سے پہلے روئی میں گانٹھ سی پڑی ہوتی ہیں۔ کیونکہ اُس کے اجزار آپسمیں ملے ہوتے ہیں اور اس کے رنگ میں بھی کہیں پیلا پن اور کہیں سفیدی ہوتی ہے۔

سوال۔ روئی کے دھنوانے سے کیا مطلب نکلتا ہے۔

جواب۔ روئی کو دھنوانے سے اُس کے تمام اجزار الگ الگ ہو جاتے ہیں۔ اور اس میں جو بنولیا باڑی کی پتی و کانسی وغیرہ ملی ہوتی ہے۔ یہ سب چیزیں علیحدہ ہو جاتی ہیں پھر وہ بہت ملائم و پھول جاتی ہے۔ اور اس کی شکل میں بھی نیلا پن و سفیدی آجاتی ہے۔

سوال۔ روئی کس چیز سے دُھنی جاتی ہے۔

جواب۔ روئی دُھنکی کر دُھنی جاتی ہے اس کے ساتھ میں موٹھیا بھی ہوتا ہے۔ جس سے روئی دُھنتے ہیں۔ یہ دُھنکی لکڑی کی بنی ہوتی ہے۔ اس کی لمبائی تقریباً ۶ فٹ کے ہوتی ہے اس کے ایک سرے پر لکڑی کا تختہ لگا ہوتا ہے اور دوسرا سرا نیچے کیطرف مڑا ہوتا ہے۔ جس پر تانت باندھی جاتی ہے یہ تانت بکرے کی آنتوں سے بنائی جاتی ہے۔ اور موٹھیا املی کی لکڑی کا ہوتا ہے۔ جس کی لمبائی ایک فٹ کے قریب ہوتی ہے۔ اس کے دونوں سرے بیچ سے موٹے ہو کر آگے کی طرف کو ڈھالو ہوتے ہیں۔ اور بیچ میں ہتھا ہوتا ہے۔ جس کو اس جگہ سے پکڑتے ہیں اور تانت میں مارتے ہیں۔

(دیکھو تصویر نمبر ۲۱)

سوال۔ روئی کس طرح دُھنی جاتی ہے مع شکل کے پورا حال لکھو۔

جواب - اوّل ایک بانس کے کڑی میں دونوں سرے باندھتے ہیں اور پھر اس بانس کے بیچ میں ایک رسّی باندھتے ہیں پھر اس رسّی میں ایک بانس کی مضبوط کمان باندھتے ہیں۔ جس کے دونوں سروں میں تانت بندھی ہوتی ہے۔ پھر اس تانت کے بیچ میں ایک رسّی ڈالکر اس رسّی میں دھنکی کو باندھ دیتے ہیں۔ جس وقت روئی دُھنتے ہیں تو روئی کو زمین پر رکھکر بائیں ہاتھ میں دُھنکی پکڑتے ہیں اور دائیں ہاتھ میں موٹھیّے کو پکڑتے ہیں۔ تب اس دھنکی کی تانت کو روئی کے اوپر رکھکر اس تانت میں موٹھیا مارتے ہیں۔ موٹھیا مارنے سے روئی اس تانت کو لپٹکر دوسری طرف کو اس کے اعضاء علیحدہ ہو ہوکر گرتے جاتے ہیں۔ جب تک روئی کے اعضا بالکل علیحدہ علیحدہ نہیں ہوتے اسی طرح دھنتے رہتے ہیں۔ جب اس روئی کے اعضا علیحدہ ہو جاتے ہیں۔ تب اس کو اکھٹی کر لیتے ہیں۔ پھر اس کی انگلی کے برابر موٹی موٹی پونی بنا لیتے ہیں۔ جس وقت پونی تیار ہو جاتی ہیں۔ تب اس کا سوت کاتنا شروع کرتے ہیں۔ (دیکھو تصویر نمبر ۲۲)

سوال - سوت کس چیز سے کاتتے ہیں۔

جواب - سوت چرخے سے کاتا جاتا ہے۔

سوال - سوت کس طرح سے کاتتے ہیں۔

جواب - اوّل تکلے پر جو کہ چرخے کے اگلے کھونٹون میں لگا ہوتا ہے۔ اس کے اگلے سرے پر ایک دھاگا لپیٹتے ہیں۔ اور اس دھاگے کو روئی کی پونی میں لگا کر دابتے ہیں۔ اور دائیں ہاتھ سے چرخے کی ہتھلی کو چاروں طرف گھماتے ہیں۔ جس کے گھومانے سے تکلا گھومتا ہے۔ پھر بائیں ہاتھ کی چٹکی میں پونی اور اس دھاگے کو دبا کر اوپر کو آہستہ آہستہ کھینچتے ہیں۔ اور چرخے کو اسی طرح گھماتے رہتے ہیں اور پونی کو کھینچتے جاتے ہیں۔ تو پونی سے رواں چھٹ چھٹ کر اور تکلے کی گھومنے کی وجہ سے اس پر بل چڑھتا رہتا ہے۔ جس وقت سوت کا تار تقریبًا ایک گز لمبا ہو جاتا ہے تو پھر اس کو تکلے پر لپیٹ دیتے ہیں۔ اسی طرح سے کاتتے کاتتے جو سوت نکلتا رہتا ہے۔ اس کو تکلے پر چڑھاتے رہتے ہیں۔ جب تکلے پر سوت جمع ہو جاتا ہے۔ تو اس کو اتار لیتے ہیں۔ اس جمع ہوکے سوت کو۔ کوکڑی (رینڈیا) بولتے ہیں۔ اس طرح سے سوت کاتتے ہیں۔ مگر زمانہ حال میں دیسی چرخوں سے تقریبًا ۲۰ نمبر تک باریک سوت کاتا جاتا ہے۔ مگر اس سے پہلے زمانے میں ڈھاکہ وغیرہ شہروں میں انہیں دیسی چرخوں سے ستنا نمبر لغایتہ نمبر ۱۲۵ تک کا سوت کاتتے تھے۔ جن کے بہت باریک کپڑے بنتے تھے۔ جو اب تک بھی مشہور ہیں۔ لیکن پرانی تواریخوں سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہاں پر نمبر ۱۲۵ سے بھی بہت

زیادہ باریک سوت کتتا تھا۔ کہتے ہیں **حکایت**۔ اورنگ زیب بادشاہ کہ جس کا پایۂ تخت دہلی
تھا۔ اس نے ایک زمانہ میں دربار کیا تھا۔ اس دربار میں اس کی تمام سلطنت کے آدمی اپنی حسب حیثیت
نذریں لیکر دربار شاہی میں حاضر ہوئے جن میں سے ایک شخص جو کہ بنئے (ویونگ) کا کام کرتا تھا۔ بادشاہ
کی نذر کے لئے ۲۰ گز کپڑے کا ایک تھان اپنے ایک نلے کے اندر بند کرکے لایا جو کہ ڈھاکہ کا رہنے والا تھا
اور آدمیوں کے بعد اس نے بھی اپنی نذر دربار شاہی میں پیش کی۔ اُسے دیکھکر درباری لوگ
مسکرانے لگے۔ کہ دیکھو یہ بیوقوف نذر میں ایک بانس کی پوری یعنی (نلا) لایا۔ اس نے درباری
لوگوں کا مسکرانا دیکھ کر عرض کی کہ بھائی میری حیثیت تو ایک نلے ہی کی ہے۔ جس کو نذر شاہی
میں پیش کیا۔ اس تقریر کو سُنکر بادشاہ سلامت کو خیال پیدا ہوا۔ کہ اس کے اس نلے میں
کچھ وجہ ہے۔ تب بادشاہ اورنگ زیب نے اس نلے کے اندر کا حال اس آدمی سے جاننا چاہا تب اُس
آدمی نے اس نلے کے منھ کے اوپر سے ایک ڈورا جو کہ پیشتر سے اس میں نکلا ہوا تھا پکڑ کر کھینچنا
شروع کیا اور چار پانچ گز کے قریب کپڑا نکالا۔ اس کے بعد کچھ دیر میں اور کپڑا کھینچا جس کو ناپنے سے
۲۰ گز کا تھان ہوا۔ اس کو دیکھ کر بادشاہ سلامت و نیز درباری لوگ حیرت انگیز ہوگئے۔ اور
اس کا منھ تکنے لگے۔ پھر بادشاہ نے اس کو انعام دیکر خوش کیا۔ بعد ازاں بادشاہ نے اس کپڑے کے
تھان کو محلسرائے بیگمات میں پہونچا دیا بیگم صاحبہ نے ایسے نفیس کپڑے کو دیکھ کر اپنی لڑکی زیب النسا
کا کرتا اس کپڑے کی سات تہ کرکے سلوایا۔ جس وقت بادشاہ سلامت محلسرائے میں پہونچے۔ تو ان کی
لڑکی اُس کرتے کو پہنے کھڑی تھی۔ بادشاہ اس کو دیکھکر بہت ناراض ہوئے۔ اور کہا کہ تم نے کوئی کپڑا
کیوں نہیں پہنا۔ لڑکی نے جواب دیا کہ ابا جان آپکے ہی بھیجے ہوئے کپڑے کی سات تہ کا کرتا پہنے
ہوئے ہوں۔ اس قدیم قصہ کو پڑھ کر آپ سمجھ سکتے ہیں۔ کہ وہ کپڑا کس نمبر کے سوت سے تیار ہوا
ہوگا۔ میری رائے میں تو آج تک کسی دوسرے ملک نے اس نمبر کے سوت کا مقابلہ نہیں کیا۔ ایسا مہین
سوت ہمارے اس ہندوستان میں تیار ہوتا تھا۔ مگر میں اب افسوس کرتا ہوں۔ کہ اس زمانۂ حال میں ہمارے
اس ہندوستان میں دیسی چرخوں سے محض ۲۰ نمبر کا سوت تیار ہوتا ہے۔

سوال۔ سوت کاتنے کا دیسی چرخا کس چیز سے کس طرح بنایا جاتا ہے۔

جواب۔ یہ چرخا لکڑی سے بنایا جاتا ہے۔ اوّل لکڑی کی ایک پٹری تقریباً ۲۰ انچ لمبی اور ۳½ انچ
چوڑی اور ½۱ انچ موٹی بناتے ہیں۔ اس کے بعد دو کھونٹے ۱۹ انچ لمبے ۲ ½ انچ چوڑے بناکر اس پٹری
میں دونوں طرف چار چار پانچ جگہ چھوڑ کر جڑتے ہیں۔ پھر ایک اور پٹری جس کو منجھا بولتے ہیں۔ وہ تقریباً

۲۷ انچ لمبی ۲ انچ چوڑی اور ایک انچ موٹی بنا کر اس بڑی پٹڑی کے بیچ سالتے ہیں اور اگلے سرے پر ایک چھوٹی پٹڑی جس کی لمبائی ۱۲ انچ چوڑائی ۳ انچ اور موٹائی ایک انچ بنا کر اس منجھے کے اگلے سرے پر جڑتے ہیں۔ اور اس پر دو کھونٹے ۱۱ انچ لمبے بنا کر پٹڑی کے دونوں طرف ۲ انچ جگہ چھوڑ کر جڑتے ہیں اور ان کھونٹوں میں اوپر کی طرف سوراخ کر دیتے ہیں جس میں کہ چرخ ڈالکمان کے بیچ میں تکلا پروتے ہیں۔ اور اس کے بعد ۱۶ عدد چیتی ۱۶ انچ لمبی ۳ انچ چوڑی بنا کر آدھی آدھی کر لیتے ہیں (۸ عدد ایک طرف اور ۸ دوسری طرف) اور ان کے بیچ میں ایک لکڑی جس کو بیندا کہتے ہیں۔ وہ لگاتے ہیں پھر اس پیندے اور پنکھڑیوں کے بیچ میں سوراخ کر کے ایک لوہے کی سری جس کو لاٹ کہتے ہیں ڈالتے ہیں۔ پھر اس لاٹ کو ان دونوں بڑے کھونٹوں کے سوراخ میں پرو دیتے ہیں۔ مگر ایک طرف لاٹ کا سرا بڑا رکھتے ہیں۔ جس میں ہتھلی لگاتے ہیں۔ بس اسی طرح چرخا بناتے ہیں۔ جب چرخا بن جاتا ہے۔ تو پھر اس پر اور تکلے پر مال چڑھا کر سوت کاتنا شروع کرتے ہیں (دیکھو تصویر نمبر ۲۲)

سوال۔ جس وقت سوت کی پنڈیا بن کر تیار ہو جاتی ہیں۔ تو پھر ہم کیا کرتے ہیں۔

جواب۔ جب سوت کی پنڈیا بن جاتی ہیں تو پھر ہم اس کی آٹی بناتے ہیں۔

سوال۔ آٹی کس چیز پر بناتے ہیں۔ اور وہ کس چیز سے بنتی ہے۔ اور اس کی کیسی شکل ہوتی ہے۔

جواب۔ ہم آٹی اٹیرن پر بناتے ہیں۔ اور یہ اٹیرن لکڑی سے بنایا جاتا ہے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۲۴)

سوال۔ آٹی کس طرح بناتے ہیں۔

جواب۔ جس وقت سوت کی پنڈیا بن جاتی ہے۔ تو پھر اس کو اٹیرن پر اٹیرنا شروع کرتے ہیں۔ یہ اٹیرن لکڑی کا بنایا جاتا ہے جب اٹیرن پر زیادہ سوت ہو جاتا ہے۔ تو اس کو اتار لیا جاتا ہے۔ اس کو آٹی بولتے ہیں۔ مگر ملوں میں جب سوت کٹ جاتا ہے۔ تو اس کے چیرو بنائے جاتے ہیں۔ جب چیرین کر تیار ہو جاتے ہیں۔ تو ان کی آٹی بناتے ہیں۔ پھر آٹی سے بنڈل بنائے جاتے ہیں۔

سوال۔ بنڈل (ایک وھڑا) کس وزن کا ہوتا ہے۔

جواب۔ ہر ایک بنڈل میں ۱۰ پونڈ سوت ہوتا ہے اور ایک پونڈ برابر ہندوستانی ۷ ½ چھٹانک کا ہوتا ہے اسلئے دیسی وزن میں ایک بنڈل ۴ ¾ سیر کا ہوتا ہے۔

نوٹ۔ ملوں (بڑے کارخانوں) میں سوت نمبروں کے حساب سے کاتا جاتا ہے۔ جتنے زیادہ نمبر کا سوت ہوگا اتنا ہی باریک اور جتنے کم نمبر ہوں گے۔ اتنا ہی موٹا ہوگا۔

سوال۔ ہم سوتوں کے نمبر کس طرح معلوم کرتے ہیں۔

جواب۔ اوّل تو بنڈلوں کے اوپر جس نمبر کا سوت ہوتا ہے۔ وہ نمبر لکھا رہتا ہے۔ اس کے علاوہ ایک بنڈل میں جتنی آٹی ہوتی ہیں۔ وہ اسی نمبر کا بنڈل ہوتا ہے۔

مثلاً۔ ایک بنڈل سوت میں ۴۲ آٹی نکلیں تو وہ بنڈل ۴۲ نمبر کے سوت کا ہوگا۔

نوٹ۔ ان قاعدوں کے علاوہ سوت کے نمبر معلوم کرنے کی ایک ایسی آسان ترکیب ہے۔ جس سے اس کے نمبر معلوم کرنے میں کچھ فرق نہیں پڑتا۔

دوسرا قاعدہ۔ اوّل ایک پونڈ یعنی ۷½ چھٹانک سوت وزن کر لیتے ہیں۔ پھر اُس سوت کے چیرو (ہینک) گن لیتے ہیں۔ پس اس ایک پونڈ سوت میں جتنے چیرو نکلتے ہیں۔ وہ اسی نمبر کا سوت ہوتا ہے **مثلاً**۔ ایک پونڈ سوت میں ۸۰ عدد چیرو (ہینک) نکلے تو وہ ۸۰ نمبر کا سوت ہوگا۔

نوٹ۔ یاد رکھنا چاہیئے کہ ۱۵ نمبر سے کم کے کچے سوتوں کی آٹی میں ۵ چیرو ہوتے ہیں۔ جن کو آٹی نہیں کہتے ہیں۔ بلکہ اُن کو آدھے بولتے ہیں۔ اس کا یہ قاعدہ ہے کہ ۱۵ نمبر سے کم کے کچے سوت کے بنڈل میں جتنے آدھے ہوں گے۔ ان کو ۲ سے تقسیم کرنے سے بنڈل کا نمبر نکل آوے گا۔

سوال۔ چیرو کس کو کہتے ہیں۔

جواب۔ کچے سوت کی ایک آٹی کے دسویں حصہ کا نام چیرو ہے جس کو انگریزی میں ہینک بولتے ہیں۔

سوال۔ ایک چیرو کے کتنے حصہ ہوتے ہیں۔

جواب۔ ایک چیرو کے سات حصے ہوتے ہیں۔ جن کا نام (لی) ہے یہ چیرو میں علیحدہ علیحدہ ہوتے ہیں اور ان کے بیچ میں ایک ڈوری پڑی ہوتی ہے۔ جس کو بندھک کہتے ہیں۔

سوال۔ ۸۰ نمبر کے سوت کے بنڈل میں کتنے ہینک اور کتنی لی ہوں گی۔ تم کس طرح بتاؤ گے۔

جواب۔ چونکہ بموجب قاعدہ اوپر کے ۸۰ نمبر سوت کے ایک بنڈل میں ۸۰ آٹی ہوتی ہیں۔ اب چونکہ کچے سوت کی ایک آٹی میں ۱۰ چیرو ہوتے ہیں۔ اس لئے ۸۰ × ۱۰ = ۸۰۰ چیرو ۸۰ نمبر کے سوت کے ایک بنڈل میں ہوئے اب چونکہ ایک چیرو میں ۷ لی ہوتی ہیں۔ اس لئے ۸۰۰ × ۷ = ۵۶۰۰ لی ۸۰۰ چیرو کی ہوئیں پس ۸۰ نمبر کے ایک بنڈل میں ۵۶۰۰ لی ہوئیں اسی طرح سے زیادہ بنڈلوں کی نکال سکتے ہیں۔

سوال۔ روئی کے ایک چیرو میں کتنے گز دھاگا ہوتا ہے۔

جواب۔ روئی کے ایک چیرو میں ۸۴۰ گز دھاگا ہوتا ہے۔

سوال۔ بتاؤ کہ ایک لی میں کتنے گز دھاگا ہوتا ہے۔

جواب۔ اب چونکہ ایک چیرو کی لمبائی ۸۴۰ گز ہوتی ہے۔ اور ایک لی چیرو کا ساتواں حصہ ہے

اس لئے ۸۴۰ ÷ ۷ = ۱۲۰ خارج قسمت (۸۴۰ (۷ = ۱۲۰ گز دھاگا ایک لی میں ہوا۔

۷
۱۴
۱۴
×

سوال۔ ایک لی سے ایک بنڈل کی لمبائی نکالنے کا قاعدہ۔

قاعدہ

جواب۔ اوّل ایک لی کی لمبائی کو سات سے ضرب دیں۔ تو ایک چیرو (ہینک) کی لمبائی معلوم ہو جائے گی۔ پھر اس ایک ہینک کی لمبائی کو ۱۰ سے ضرب دینے سے ایک آٹی کی لمبائی نکل آوے گی۔ کیونکہ ۱۰ ہینک کی ایک آٹی ہوتی ہے۔ پھر اس بنڈل میں جتنی آٹیاں ہوں اُس تعداد سے ایک آٹی کی لمبائی کو ضرب دینے سے ایک بنڈل یعنی وٹھڑے کی لمبائی نکل آوے گی۔ پھر جتنے بنڈلوں کی لمبائی نکالنی ہو۔ تو ان بنڈلوں کی تعداد کو ایک بنڈل کی لمبائی سے ضرب دینے سے تمام بنڈلوں کی لمبائی نکل آوے گی۔

سوال۔ نکالو ۱۰ عدد بنڈل کی کیا لمبائی ہوگی جب ایک بنڈل ۱۰۰ نمبر کا ہو۔

جواب۔ اوّل ایک لی کی لمبائی کو ۷ سے ضرب دیں۔ ۱۲۰×۷ گز = ۸۴۰ گز ایک چیرو کی لمبائی ہوئی پھر ایک چیرو کی لمبائی یعنی ۸۴۰ کو ۱۰ سے ضرب دیں تو ۸۴۰ گز×۱۰ = ۸۴۰۰ گز ایک آٹی کی لمبائی نکلی جب ہم کو ایک آٹی کی لمبائی معلوم ہو گئی تو اب ہم اس کو ۱۰۰ سے ضرب دیں گے۔ کیونکہ بموجب قاعدہ اوپر کے یہ بات معلوم ہو گئی ہے کہ جس نمبر کا سوت ہوتا ہے۔ اس بنڈل میں اتنی ہی آٹی ہوتی ہیں اس لئے ۸۴۰۰ گز×۱۰۰ = ۸۴۰۰۰۰ گز ایک بنڈل کی لمبائی ہوئی۔ اب ہم اس کو ۱۰ سے ضرب دیں تو ۱۰ بنڈلوں کی لمبائی نکل آئی = ۸۴۰۰۰۰ گز×۱۰ = ۸۴۰۰۰۰۰ گز ۱۰ بنڈلوں کی لمبائی ہوئی اسی طرح سے زیادہ بنڈلوں کی لمبائی نکال سکتے ہیں۔

دوسرا قاعدہ

گزوں سے بنڈلوں کی تعداد نکالنا جبکہ سوت کا نمبر معلوم ہو

اوّل گزوں کی تعداد کو ایک چیرو کی لمبائی سے تقسیم کریں تو خارج قسمت تعداد چیرو ہوں گے۔ اب ہم چیرو کی تعداد کو ایک آٹی کے چیرو کی تعداد سے تقسیم کریں۔ تو خارج قسمت آٹیوں کی تعداد ہوگی پھر آٹیوں کی تعداد کو جس نمبر کا سوت ہوگا اس سے تقسیم کریں خارج قسمت بنڈل نکل آوے گی۔ **مثلاً** ۱۶۸۰۰۰۰۰۰ گز دھاگا ۱۰۰ نمبر کے سوت کا ہے۔ تو اب ہم اس کو ایک چیرو کی لمبائی سے تقسیم کریں تو ۱۶۸۰۰۰۰۰۰ ÷ ۸۴۰ تعداد چیرو = ۲۰۰۰۰۰ چیرو ہوئے۔ اب ہم ان چیروں کو ۱۰ سے تقسیم کریں تو ۲۰۰۰۰۰/۱۰ خارج قسمت تعداد آٹی = ۲۰۰۰۰ آٹی اب ہم اُن آٹیوں کی تعداد کو سوت کے

نمبر سے تقسیم کریں تو خارج قسمت بنڈلوں کی تعداد ہوئی = ۲۰۰۰۰ ÷ ۱۰ بنڈل = ۲۰۰۰ بنڈل ہوئے پس اسی طرح سے زیادہ گزوں کی لمبائی نکال سکتے ہیں۔

نوٹ۔ اب تک جو قاعدے لکھے ہیں وہ کچے سوتوں کے ہیں۔

سوال۔ سوت کے قسم کا ہوتا ہے۔

جواب۔ سوت دو قسم کا ہوتا ہے کچا اور بٹا ہوا۔

سوال۔ کچا سوت کس کو کہتے ہیں۔

جواب۔ جو سوت سنگل یعنی اکیلا ہوگا۔ وہ کچا سوت کہلاتا ہے اس سوت سے بغیر پان یا مانڈی کے کپڑا نہیں بنا سکتے ہیں

سوال۔ بٹا سوت کس کو کہتے ہیں۔

جواب۔ دو یا زیادہ سوتوں کو آپس میں ملا کر بٹ دینے سے بٹا سوت بنتا ہے اس سوت سے بغیر پان کپڑا بن سکتا ہے

سوال۔ روئی کے کچے سوتوں کی تعداد شروع سے کہاں تک ہوتی ہے۔

جواب۔ کچے سوتوں کی تعداد ۲½ نمبر سے ۲۰۰ نمبر تک ہوتی ہے۔ جو کہ حسب ذیل ہیں

۲½ - ۴ - ۴½ - ۵ - ۷½ - ۱۰ - ۱۲ - ۱۳ - ۱۴ - ۱۶½ - ۲۰½ - ۲۲ - ۲۴ - ۲۶ - ۳۰ - ۳۲ - ۳۴ - ۳۶ - ۳۸

۴۰ - ۴۲ - ۴۴ - ۴۶ - ۴۸ - ۵۰ - ۵۲ - ۵۴ - ۵۶ - ۵۸ - ۶۰ - ۶۲ - ۶۴ - ۶۶ - ۶۸ - ۷۰ - ۷۲ - ۷۴

۷۶ - ۷۸ - ۸۰ - ۸۴ - ۸۸ - ۹۰ - ۹۲ - ۹۴ - ۹۶ - ۱۰۰ - ۱۰۵ - ۱۱۰ - ۱۱۵ - ۱۲۰ - ۱۲۵ - ۱۳۰ - ۱۳۵

۱۴۰ - ۱۴۵ - ۱۵۰ - ۱۶۰ - ۱۷۰ - ۱۸۰ - ۱۹۰ - ۲۰۰ یہ سب نمبر کچے سوتوں کے ہیں۔

سوال۔ بٹے سوتوں کے نمبر کون سے ہوتے ہیں۔

جواب۔ جو نمبر دو پر پورا تقسیم ہو سکتے ہیں۔ وہی بٹا نمبر ہوتے ہیں۔ مثلاً ۱۰/۲ - ۲۰/۲ - ۴۰/۲ - ۴۲/۲ - ۴۸/۲ - ۶۰/۲ - ۸۰/۲ -

سوال۔ ہندوستان میں کس نمبر کا سوت کاتا جا سکتا ہے۔

جواب۔ زمانہ حال میں ہندوستان میں ۲½ نمبر سے ۶۰ نمبر تک کا سوت کاتا جاتا ہے مگر پہلے زمانے میں دیسی چرخوں سے ۱۰۰ یا ۱۲۵ نمبر تک کا سوت کاتتے تھے اس سے زیادہ باریک نمبر یعنی ۶۰ نمبر لغایت ۲۰۰ نمبر تک انگلینڈ۔ جرمن۔ چین۔ جاپان وغیرہ ملکوں میں کاتا جاتا ہے۔

سوال۔ بٹے سوتوں کا نمبر کس طرح بناتے ہیں۔

جواب۔ جس نمبر کے کچے سوتوں کو جتنی تعداد میں ملا کر بٹ دیتے ہیں۔ اس کو کچے سوتوں کا نمبر بٹا یا ورپلائی کی تعداد بولتے ہیں۔

مثال - جیسے اگر ہم ۴۰ نمبر کا سوت دو جگہ ملا کر بٹ دیویں تو اس کو ہم $\frac{40}{2}$ نمبر کہیں گے - اس کی موٹائی ۲۰ نمبر کے کچے سوت کی برابر ہوگی یا اگر ہم ۴۰ نمبر کے سوت کو تین جگہ ملا کر بٹ دیویں - تو اس کو $\frac{40}{3}$ نمبر کہیں گے -

سوال - اگر دو مختلف قسم کے کچے سوتوں کو ملا کر بٹا جاوے تو اس کا نمبر کس طرح معلوم ہوگا - **جواب** جن نمبروں کے کچے سوتوں کو ملاتے ہیں - ان نمبروں کو ایک بٹا کر کے لکھتے ہیں پھر ان کو آپس میں جمع کر دیتے ہیں - تعداد جمع کو پلٹ دینے سے سوت کا نمبر نکلتا ہے -

مثال - اب ہم کو ۲۰ و ۳۰ نمبر کے سوتوں کو ملانا ہے - تو ہم ۲۰ و ۳۰ کو ایک بٹا کریں اور پھر جمع کریں - $1 \div 20 = \frac{1}{20}$ اور $1 \div 30 = \frac{1}{30}$ پھر ہم نے $\frac{1}{20}$ و $\frac{1}{30}$ کو جمع کیا $= \frac{1}{20} + \frac{1}{30} = \frac{4+6}{120} = \frac{10}{120} = \frac{1}{12}$ $\frac{1}{12}$ تعداد جمع ان دونوں نمبروں کی ہوئی اب ہم اس تعداد جمع کو پلٹ دیں - تو خارج قسمت سوت کا نمبر ہوگا :- $1 \div \frac{1}{12} = \frac{12 \times 1}{1} = 12$ ۱۲ سوت کا نمبر ہوا - اسی طرح سے اور نمبروں کو بھی نکال سکتے ہیں -

دو مختلف نمبروں کو ملا کر نمبر معلوم کرنے کا دوسرا قاعدہ اوّل دونوں نمبروں کا فرق نکالو پھر اس فرق کو پانچ سے تقسیم کرو جو خارج قسمت نکلے اس کو سوت کے چھوٹے نمبر کے نصف میں جمع کرو حاصل جمع سوت کا نمبر ہوگا -

مثال - ہم کو ۴۰ و ۶۰ نمبر کے سوتوں کو ملا کر اس کا نمبر معلوم کرنا ہے تو ہم پہلے ان دونوں نمبروں کا فرق نکالیں $60 - 40 = 20$ عدد دونوں نمبروں کا فرق ہوا - اب اس فرق کو ۵ سے تقسیم کریں - تو $20 \div 5 = \frac{20}{5} = 4$ خارج قسمت کو ۴ نمبر کے نصف میں جمع کریں - کیونکہ ۶۰ و ۴۰ نمبروں میں چھوٹا نمبر ۴۰ ہے تو $40 \div 2 = 20$ چھوٹے نمبر کا نصف اب ۴ خارج قسمت کو ۲۰ میں جمع کیا تو $20 + 4 = 24$ حاصل جمع سوت کا نمبر ہوا - اسی طرح سے اور نمبروں کو نکال سکتے ہیں - یہ بڑا آسان و سہل طریقہ ہے -

نوٹ - ان نمبروں میں اس وجہ سے فرق پڑتا ہے - کہ کم نمبر کا سوت زیادہ نمبر کے سوت کے ساتھ بٹا دینے سے بل زیادہ چڑھتے ہیں - جس سے ان کے نمبروں میں فرق پڑتا ہے -

قاعدہ - دو سے زیادہ مختلف نمبروں کو ملا کر اس کا نمبر معلوم کرنا - بموجب قاعدہ اوّل کے پہلے ہم سب نمبروں کو ایک بٹا کر کے جمع کریں پھر حاصل جمع کے شمار کنندہ میں سے ایک عدد تفریق کریں پھر نسب سے ایک کو تقسیم کرنے سے سوتوں کا نمبر ہوگا -

مثال - جیسے ہم کو ۲۰ و ۳۰ و ۴۰ نمبروں کے سوتوں کو ملانا ہے - تو ہم ان نمبروں کے بموجب قاعدہ اول

کے ایک کو ان نمبروں پر تقسیم کریں ۱ ÷ ۲۰ = $\frac{1}{20}$ اور ۱ ÷ ۳۰ = $\frac{1}{30}$ اور ۱ ÷ ۴۰ = $\frac{1}{40}$ نمبر خارج قسمت پھر ان سب نمبروں کو جمع کیا۔ $\frac{1}{20} + \frac{1}{30} + \frac{1}{40} = \frac{6 + 4 + 3}{120} = \frac{13}{120}$ حاصل جمع اب چونکہ حاصل جمع کے شمار کنندہ میں سے ایک تفریق کیا تو $\frac{13-1}{120} = \frac{12}{120}$ حاصل تفریق = $\frac{1}{10}$ اب اس کسر کو تقسیم کرو تو ۱ ÷ $\frac{1}{10}$ = $\frac{1 \times 10}{1}$ = ۱۰ نمبر سوت کا ہوا۔ پس تینوں نمبروں کے سوت کو آپس میں ملانے سے ۱۰ نمبر کا سوت ہوا

اب یہاں سے اون کے سوت کا حساب شروع ہوا

سوال۔ اون کے ایک چیرو میں کتنے گز دھاگا ہوتا ہے۔

جواب۔ اون کے ایک چیرو میں ۵۶۰ گز دھاگا ہوتا ہے۔ **نوٹ:** اسمیں روئی کے چیرو کی طرح تی نہیں ہوتیں

سوال۔ اون کے چیرو کے چکر کا محیط $1\frac{1}{2}$ گز ہے اور اس چیرو میں ۳۶۰ چکر ہیں۔ تو چیرو کی لمبائی نکالو۔

جواب۔ ایک چکر کی لمبائی یعنی $1\frac{1}{2}$ کو ۳۶۰ سے ضرب دیں = $1\frac{1}{2}$ × ۳۶۰ گز لمبائی چیرو = ۵۴۰ گز لمبائی ہوئی۔

سوال۔ اون کے سوت کے نمبروں کی تعداد کہاں تک ہوتی ہے۔

جواب۔ اون کے سوت کے نمبروں کی تعداد ۱۵۰ نمبر تک ہوتی ہے روئی کے سوت کی طرح اس کے بھی وہی بٹے ہو سکتے ہیں۔ جو دو پر پورا تقسیم ہو جائے یعنی جو سنگل سوت ہوتا ہے وہ کچا کہلاتا ہے اور جو جفت ہوتا ہے وہ بٹا نمبر ہوتا ہے۔

سوال۔ ریشم کے سوت کی چیرو کی لمبائی کتنی ہوتی ہے۔

جواب۔ ریشم کے ایک چیرو کی لمبائی ۷۸۰ گز ہوتی ہے۔ اور روئی کے چیرو کی طرح اس میں بھی تی ہوتی ہیں۔

سوال۔ ریشم کے چیرو کا محیط کتنا ہوتا ہے۔ اور اس کے کتنے چکر ایک چیرو میں ہوتے ہیں۔

جواب۔ ریشم کے چیرو کا محیط $1\frac{1}{2}$ گز کا ہوتا ہے۔ اور اس میں ۵۲۰ گز چکر ایک چیرو میں ہوتے ہیں۔

سوال۔ ریشم کا سوت کس نمبر تک ہوتا ہے۔

جواب۔ ریشم کے سوت کی تعداد ۵۰۰ نمبر تک ہوتی ہے۔ **نوٹ۔** اسی طرح سے مٹر یا سلک کے نمبروں کی تعداد بھی ۲۵۰ تک ہوتی ہے اور چیرو میں بھی اسی قدر دھاگہ ہوتا ہے۔

قاعدہ۔ کسی نا معلوم سوت کے ٹکڑے سے اس کا نمبر نکالنا۔

اوّل اس سوت کے ٹکڑے کا وزن معلوم کرنا چاہیئے۔ جب ہم کو اس ٹکڑے کا وزن معلوم ہو گیا تو

پھر ہم ایک چیرو کی لمبائی نکالکر اس کا وزن نکال لیں۔ چیرو کا وزن اس طرح نکالیں گے کہ ہم ۸ گز کو سوت کے ٹکڑے کی لمبائی سے تقسیم کردیں اور خارج قسمت کو سوت کے ٹکڑے کے وزن سے ضرب دیدیں۔ جس وقت ہم کو ایک چیرو کا وزن معلوم ہو جائے گا۔ تو ہم دو پونڈ سوت کی تعداد سے چیرو نکال لیں گے۔ تعداد میں جتنے چیرو ہوں گے۔ وہ اس سوت کا نمبر ہوگا۔

بیان رنگ سازی

رنگ کے متعلق عام ہدایات

سب سے پہلے ہم کو سوت رنگنے کے واسطے برتنوں کی خاص ضرورت ہے۔ برتن اتنا بڑا اور وسیع ہونا چاہیئے جس میں کہ سوت خوب اچھی طرح سے بھیگ جاوے اور کچھ رنگ یا پانی سوت کے اوپر تیرتا رہے۔ اگر برتن چھوٹا ہوگا۔ تو اس میں سوت ٹھیک نہیں رنگا جاوے گا۔ بلکہ اس کی چھوٹائی کے باعث سوت میں داغ (دھبہ) پڑجائیں گے۔ سیاہ رنگ کے واسطے لوہے کا برتن اور سبز رنگ کے واسطے تانبے کا برتن اور سرخ رنگ کے واسطے پتھر یا مٹی کا برتن ہونا چاہیئے۔ خیال رکھو کہ برتن کی کشادگی بموجب نقشہ تصویر نمبر ۲ ہونی چاہیئے ۲۔ سوت کو رنگنے سے پیشتر بھگو کر نچوڑ لینا چاہیئے۔ تاکہ رنگ کل سطح پر یکساں چڑھ جائے۔ اگر سوت کو نہ بھگوؤ گے۔ تو سوت میں داغ (دھبہ) پڑجائیں گے۔ جب سوت کو رنگنا ہو تو اس بات کا بڑا خیال ہونا چاہیئے کہ سوت کو ادھر ادھر پلٹتا رہے۔ سوت نہ پلٹنے سے اس میں دھبے پڑجاتے ہیں۔ دوسری ترکیب۔ اگر سوت کو یکساں رنگنا ہو تو جس قدر رنگ سوت کے واسطے کافی ہو اس کے تین حصے برابر کے کرلو۔ پہلے ایک حصہ کو پانی میں ملاکر اس میں سوت کو رنگو۔ جب وہ رنگ اچھی طرح چڑھ جائے۔ پھر دوسرا حصہ اسی رنگ میں ڈالکر رنگو پھر تیسرا حصہ بھی اسی طرح سے اس پانی میں ڈالکر سوت کو خوب اچھی طرح بھگو دو۔ عمدہ پکا رنگ دینے کے واسطے ایک اور بات ضروری ہے۔ کہ پہلے آگ کا ہلکا تاؤ دو۔ پھر زیادہ کرتے کرتے اس پانی کو پکا ڈالو۔ سوت رنگنے کے واسطے اس بات کا بھی ضروری خیال ہونا چاہیئے۔ کہ جس قدر سوت رنگنا ہو۔ اس کو ایک دم رنگ میں ڈالدینا چاہیئے۔ آگے پیچھے ڈالنے سے سوت میں یکساں رنگ نہیں چڑھتا اور سوت کو رنگنے سے پیشتر پاہ دینا ضروری ہے۔ تاکہ رنگ اچھی طرح چڑھ جائے اور پختہ بھی ہو جائے بعض سوت کو رنگ دینے کے بعد میں یا اسی وقت یا ٹھنڈا کرکے بغیر رنگ کے پانی میں کھنگال لینا چاہیئے۔ جس سے زیادہ رنگ نکل جاتا ہے۔ اور تمام سوت پر یکساں رنگ ہو جاتا ہے۔

سوال - پاہ کس چیز کو کہتے ہیں۔

جواب - پاہ اس مصالحہ کو کہتے ہیں۔ جو رنگوں کو پختہ کرتا ہے۔ یہ مصالحہ کبھی تو سوت کو رنگنے سے پیشتر دیتے ہیں اور کبھی رنگتے وقت اور کبھی بعد میں دیتے ہیں۔

جب سوت پر پختہ رنگ دینا ہو تو اُسے پہلے پاہ دیتے ہیں۔ پاہ دینے سے سوت میں رنگ کو جذب کرنے اور قایم رکھنے کی پوری طاقت ہو جاتی ہے۔ دیسی رنگوں میں صرف زیادہ تر ناسپال پھٹکری سجی۔ چونہ کی پاہ دیتے ہیں۔ اوّل ان میں سے کسی ایک دوا کو پانی میں ڈالکر اس کا رنگ نکالتے ہیں اور اس میں سوت کو متواتر ۶ - ۷ گھنٹے تک پڑا رہنے دیتے ہیں تاکہ اس کا اثر سوت میں ہو جائے۔ پھر اس کو نکالکر نچوڑ دیتے ہیں۔ بعد میں اس پر رنگ چڑھاتے ہیں۔ اس پر جو رنگ چڑھتا ہے۔ وہ پکّا ہو جاتا ہے۔

سوال - دیسی رنگوں میں کس کس چیز کی پاہ دیتے ہیں اور کس طرح سے دیتے ہیں۔

جواب - ۱ ناسپال ۲ پھٹکری ۳ کیکر کی چھال ۴ سجّی ۵ سپاری ۶ چونہ ۷ ہلیلہ زرد (بڑی ہیڑ کا پوست) ۸ بیل کی چھال ۹ ماجو ۱۰ ترپھلا۔

(۱) ناسپال کی پاہ اس طرح دیتے ہیں۔ کہ ناسپال کو پانی میں ڈالکر پکا لیتے ہیں اور پھر اس میں سوت بھگوتے ہیں پھر جو رنگ اس سوت کو دیتے ہیں وہ پختہ ہو جائے گا۔

(۲) پھٹکری کی پاہ - اوّل پھٹکری کو باریک پیس کر نیم گرم پانی میں ڈالدیتے ہیں۔ پھر اس میں سوت بھگوتے ہیں۔ مگر کبھی پھٹکری کو رنگ کے ساتھ بھی ڈالدیتے ہیں۔

(۳) کیکر کی چھال کی پاہ - اوّل کیکر (ببول) کی چھال کو اُتار کر پھر اس کو خوب اچھی طرح پکا کر اس کا رنگ نکال لیتے ہیں یہ رنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے۔ مگر یہ رنگ خود تو اچھا نہیں ہوتا۔ لیکن دوسرے رنگوں کے اوپر دینے سے ان کو پختہ بنا دیتا ہے۔ اس کو سنواری و سیاہ رنگوں میں استعمال کرتے ہیں

(۴) سجّی کی پاہ - اوّل سجّی کو پانی میں گھول لیتے ہیں۔ ۲۴ گھنٹے کے بعد اس کو آگ پر جوش دے کر اس کا پانی مقطر (نتھار) لیتے ہیں۔ یہ پاہ ہر ایک رنگ کو پختہ کرتی ہے۔

(۵) سپاری کی پاہ - سپاریوں کو چند روز پانی میں بھگو کر پکا لیتے ہیں۔ جس وقت ان کو اُبال آجاتا ہے۔ اس وقت اس کو اُتار لیتے ہیں۔ یہ پاہ سرخ رنگ کے واسطے بہت اچھی ہے۔

(۶) چونہ کی پاہ - چونہ کو پانی میں بھگو دیتے ہیں۔ ایک روز کے بعد اس کا مقطر لیتے ہیں۔ یہ پاہ ہر قسم کے رنگوں کو پختہ کرتی ہے۔ خاص کر فیروزی۔ ہلکا آبی رنگ کے واسطے نہایت اچھی پاہ ہے۔

(۷) ہلیلہ زرد (بڑی ہیڑ) کی پاہ۔ بڑی ہیڑ کا پوست (چھلکا) اُتار کر اس کو پانی میں پکاتے ہیں۔ جب پک جاتا ہے۔ تو پھر اس کی پاہ دیتے ہیں۔ یہ پاہ سرخ و سیاہ رنگ کو پختہ کرتی ہے۔

(۸) پیپل کی چھال کی پاہ۔ اوّل پیپل کے اندر کی باریک سرخ چھال کو پانی میں خوب اچھی طرح پکا کر اس کا رنگ نکال لیتے ہیں۔ یہ پاہ دوسرے رنگوں کے اوپر دینے سے ان کو پختہ بنا دیتی ہے۔ اکثر سنواری۔ سیاہی مائل رنگوں میں استعمال کرتے ہیں۔

(۹) ماجو کی پاہ۔ یہ ایک درخت کا پھل ہے۔ اس کو نیم گرم پانی میں پیس کر ملاتے ہیں۔ پھر اس میں سُوت تر کرتے ہیں۔ یہ پاہ سیاہ اور سیاہی مائل رنگوں کے واسطے بہت اچھی ہے۔

(۱۰) ترپھلا کی پاہ۔ ہیڑ۔ بھیڑا۔ آملہ تینوں کو ہموزن پانی میں پکاتے ہیں تو سرخ۔ زرد۔ سیاہ رنگوں کو پکا کرتی ہے۔

سُوت رنگنے کی دیسی ترکیب

اوّل سُوت کو پانی میں اس طرح ڈبویا جاوے کہ پانی سُوت کے اوپر تک پھر جائے جس سے کپڑے یا سوت پر ایک سا رنگ ہو جاوے باریک سُوت میں تھوڑا رنگ اور پانی لگتا ہے۔ اور موٹے سوتوں میں زیادہ جس وقت سوت کو بچھلا ڈوب دیا جاوے۔ اس وقت رنگ میں پھٹکری پیس کر ڈالدیں یا مجھور کا پانی ملادیں جس سے رنگ کھل (چمک) اُٹھے اور پختہ بھی ہو جائے۔ اور جو رنگ سُوت پر پکا چڑھا ہو اس کو دھوپ میں اور جو رنگ کچا ہو اُس کو سایہ میں سُکھانا چاہیئے۔ کیونکہ کچا رنگ دھوپ میں پھیکا ہو جاتا ہے۔

رنگ میں دھبّہ نہ پڑنے کی ترکیب

اوّل سُوت کو کھولکر پانی میں ڈبو دیں اس کے بعد رنگ میں ڈوب دیں۔ اس سے دھبّہ نہیں پڑتا۔ بہت سے رنگ ایسے ہیں جو کئی رنگ ملا کر رنگے جاتے ہیں۔ اس کو اس طرح رنگتے ہیں۔ کہ اوّل ایک رنگ کے پانی میں سُوت کو رنگ کر سُکھا لیں۔ پھر دوسرے رنگ میں رنگیں پھر تیسرے میں رنگیں اور پھر چوڑ دیں اسی طرح آخیر تک ایسا ہی کریں۔ مگر یاد رکھو کہ ایسا نہ کیا جاوے کہ بغیر سُکھائے دوسرے رنگ میں ڈبو دیں۔ اگر پکا کرنا ہو تو بابن (جھاؤ کا گوند) ڈالدیں۔ یا جب سُوت کو یکساں رنگ چڑھانا ہو تو اس کے واسطے ایک سب سے اچھا مصالحہ کرسٹلائیڈ و سلفیٹ آف سوڈا جس کو گلابر سالٹ بھی کہتے ہیں۔ اس کو پانی میں گھولکر اس میں کپڑا تر کر لیتے ہیں پھر رنگتے ہیں۔ گلابر سالٹ میں اس قدر پانی ڈالنا چاہیئے۔ کہ ہلکا اور پھیکا رنگ رہے۔ یہ مصالحہ سستا بھی ہے۔ اور اس کام کے واسطے سب سے اچھی چیز ہے۔

رنگ دینے کے بعد میں اکثر سوتوں یا کپڑوں کو کھٹائی دیدیتے ہیں۔ جس سے رنگ کھل جاتا ہے۔ اور کبھی

پانی میں ڈبو دیا جاتا ہے۔ اور کبھی نمک شورہ کے تیزاب میں پانی ڈالکر اور کھٹائی بنا کر اُس میں سُوت ڈبو دیا جاتا ہے۔ اور کبھی صابن کے پانی میں کپڑے یا سوت کو بھگو دیا جاتا ہے یا جیسا موقع سمجھتے ہیں ویسا ہی کرتے ہیں۔

کسوم کے پھولوں سے رنگ بنانیکی ترکیب جس کو شہابہ بھی کہتے ہیں

اوّل کسنبہ کے ۴ یا ۵ سیر پھول بہت عمدہ اور نئے لاوے اور کپڑے میں باندھ کر گھڑونچی۔ تپائی پر لٹکا دیں۔ اور ان میں تھوڑا تھوڑا پانی ڈالتے رہیں۔ اس میں سے جو ہلکے زرد رنگ کا پانی گرے اُس کو علیحدہ رکھ لو۔ پھر تین تولہ گلابی۔ سفید سجّی لاکر خوب باریک پیس لو اور ان گیلے پھولوں میں ڈالکر ہاتھوں سے خوب ملو۔ کہ ان کا ملیدہ ہو جائے۔ پس اب جو پانی ڈالکر لٹکاؤ گے۔ تو نہایت سُرخ رنگ نکلیگا۔ اس سُرخ رنگ کے پانی کا نام شہابہ ہے۔ اس کو حفاظت سے بوتلوں میں بھر لو۔ سُرخ اور سُنہری رنگ دینے کے کام آتا ہے۔ اور زرد (پیلا) رنگنے کے بھی کام آتا ہے۔ اس کے علاوہ بقلم یعنی پتنگ کی لکڑی سے بھی اور جھیٹہ وتن سے بھی سُرخ رنگ بنتا ہے۔ ان سے آگ میں پکا کر رنگ نکالتے ہیں۔ شنگرف کتھا۔ گیرو اور سیندور وغیرہ سے بھی سوائے کتھے کے سب کو پکا کر سُرخ رنگ بناتے ہیں۔

کٹ یعنی سیاہ رنگ بنانے کی ترکیب

گڑ ایک سیر۔ لوہے کا بُرادہ ۱½ سیر۔ پانی ۴ سیر۔ جو کا آٹا ایک سیر ان سب چیزوں کو ملا کر مٹی کے برتن میں رکھ چھوڑو۔ جب لوہا گل جائے اور گڑ و جو کا آٹا سڑ جائے تو سمجھ لو کہ رنگ تیار ہو گیا۔ اور بہت سے رنگریز کیکر کی چھال یا پھلی۔ ۷ تولہ کھٹی چھاچھ ½ سیر اور ڈالدیتے ہیں۔ گو اس رنگ کی رنگت ظاہر میں مٹیالی ہوتی ہے اگر یُوں ہی اس میں سُوت رنگا جائے تو کچھ رنگ نہیں ہوتا۔ مگر جب پہلے نیل میں سُوت رنگ کر کٹ دیتے ہیں۔ اور بعد میں ناسپال کی پُٹ دیتے ہیں۔ تو سیاہ رنگ پکّا ہو جاتا ہے۔

سبز رنگ کی ترکیب

(۱)

پہلے ہلدی یا ہارسنگار کے پھولوں کے رنگ میں سُوت یا کپڑے کو ہلکا زرد رنگ لو پھر نیل اوپر دینے سے سبز رنگ ہو جائیگا۔ دوسری ترکیب۔ پہلے سُوت کو کچّے نیل میں ڈبو دو پھر ہلدی کے جوشش دیئے ہوئے پانی میں ڈبو دو۔ پھر پھٹکری کے پانی میں ڈالدو۔ سبز رنگ بن جاویگا۔

کاسنی رنگ کی ترکیب

(۲)

تین سیر پانی میں ۲ تولہ نیل ڈالکر سوت رنگ لیں پھر کسوم کے رنگ میں ڈالدو بعد میں اچھی طرح پانی سے دھو ڈالو۔ دوسری ترکیب۔ لاجورد کو باریک پیس کر بہت ہلکا رنگ دیں کاسنی ہو جائے گا تیسری ترکیب۔ پہلے نیلا تھوتھا پیس کر سُوت پر اس کا رنگ دیں پھر ہلکا نیل دیکر اوپر پھٹکری کا پاہ دو

(۳) زرد رنگنے کی ترکیب

پسی ہوئی ہلدی میں تھوڑی سی سجی ملاکر سوت کو رنگو پھر پانی ڈالکر کئی بار دھو ڈالو۔ پھر پھٹکری کے پانی میں دھو ڈالو۔ دوسری ترکیب۔ اگری ہلدی ۳ تولہ کوٹ کر خوب باریک الگ ہی بنالو۔ پھر اس میں اور پانی ملاکر اس کو گھول کر مقطر کر لو تب اس پانی میں رنگو پھر کھٹائی کا پانی ڈالدو۔ تب عمدہ زرد رنگ ہوگا۔

(۴) سرخ رنگ کی ترکیب

اوّل سوت کو خوب بھگو کر اس کو نچوڑ کر شہابہ کے رنگ میں گہرا ڈوب دو۔ پھر تیز پہلے کی پاہ دیدو

(۵) اودے رنگ کی ترکیب

اوّل شہابہ یا قرمزی کا رنگ دو پھر نیلا رنگ دو یہ دونوں رنگ ابروزن کے ڈالیں جائیں۔

(۶) جامنی رنگ کی ترکیب

جامنی رنگ نیلاپن زیادہ اور سرخی کم ہوتی ہے پہلے ہلکا گلابی رنگ دو پھر نیلا گہرا رنگ دیکر اوپر پھٹکری کا پاہ دو

(۷) آسمانی رنگ کی ترکیب

اوّل تو سوت کو نیل کا بہت ہلکا رنگ دینے سے آسمانی ہو جاتا ہے۔ یا نیل میں ہلکا غوطہ دیکر پھر تھوڑا سادہ پانی میں دھو لو

(۸) فیروزی رنگ کی ترکیب

سوت کو پہلے ہلکا ہرا رنگ دو۔ پھر نیل کا گہرا رنگ دو۔ یا کل میں ہلکا رنگ دیکر اس پر ہلدی کا رنگ پھر گہرا نیل دو

(۹) سبز کاہی رنگ کی ترکیب

سوت کو پہلے نیل کے رنگ میں رنگو پھر ہار سنگار یا ہلدی کا ہلکا رنگ دیکر اوپر سے کٹ کا ہلکا رنگ دو پھر ماجو اور ناسپال کا الگ الگ گہرا پاہ دیدو۔ یا پہلے نیل میں گہرا ڈوب دو۔ پھر ہلدی کا ہلکا ڈوب دو بعد ازاں ناسپال کا گہرا پاہ دیدو

(۱۰) دھانی کیلئی رنگ کی ترکیب

پہلے سوت کو کچھ نیل کے رنگ میں ڈوب دو بعد میں ہلدی۔ یا سنگار کے پھولوں کا گاڑھا رنگ دو۔ پھر پھٹکری کا پاہ دو

(۱۱) موتیا رنگ کی ترکیب

اوّل سوت کو بہت ہلکے زرد رنگ میں رنگ لو۔ پھر اس کو پانی میں دھو ڈالو۔ اور تیز پہلے کی پاہ دو۔

(۱۲) مونگیا رنگ کی ترکیب

شنگرف و سفیدہ دونوں ہم وزن لیکر پانی میں خوب حل کر لو پھر سوت کو رنگو مونگیا سرخ رنگ ہوگا۔

(۱۳) قرمزی رنگ کی ترکیب

یہ رنگ کرمدانے سے بنتا ہے۔ پہلے سوت کو بھگولو۔ اس کے بعد کرمدانہ پانی میں گھول کر رنگو۔

(۱۴)
مٹیالا زرد رنگ کی ترکیب

پیوڑی جو ایک قسم کی مٹی ہوتی ہے۔ اس کو پانی میں گھولکر مقطر کر لو۔ پھر سوت کو رنگو

(۱۵)
خاکی دودھ کی قسم کا رنگ

سوت کو مائین کا پاہ دیکر کسیس کا رنگ دو یا کاغذوں کو جلاکر اس کی راکھ کر لو۔ اور اس کو دودھ میں ملاکر رنگو پھر مائین کا پاہ دیدو۔ خاکی دودھیا ہو جائے گا۔

(۱۶)
فالسئی رنگ کی ترکیب

اس رنگ میں سرخی زیادہ نیلاپن کم ہوتا ہے۔ پہلے سوت کو کچا نیل دیکر اوپر شہابہ کا رنگ دیتے ہیں یا پتنگ کا رنگ نکالکر اس کا رنگ دیتے ہیں۔ اگر پکا کرنا ہو تو چھالیوں کا پاہ دیدو۔

(۱۷)
بسنتی رنگ کی ترکیب

قرمزی کا بہت ہلکا رنگ دینے سے یا ہارسنگار کے پھولوں میں رام رج مٹی ملاکر اس کا خفیف رنگ دو

(۱۸)
کافوری رنگ کی ترکیب

زعفران کو خوب باریک گھوٹ کر اس میں کپڑا۔ سوت رنگیں۔ کیونکہ اس میں زردی کم ہوتی ہے۔

(۱۹)
نیلے رنگ کی ترکیب

کپڑے کو پانی میں بھگو کر نچوڑ لیں پھر نیل میں بھگو دیں۔ اگر پکا رنگ بنانا ہو تو ناسپال کا پاہ دیکر پھر نیل کے پانی میں بھگولیں

(۲۰)
خاکی زرد رنگ کی ترکیب

ناسپال کا پاہ دیکر رام رج مٹی۔ پیوڑی مٹی کا رنگ دینے سے خاکی ہو جائے گا۔ اور اگر ناسپال کی پاہ دیکر گیروی مٹی سے رنگیں اور اوپر کسیس کا پاہ دیں تو بھی خاکی ہو سکتا ہے۔

(۲۱)
بسنتی رنگ کی ترکیب

ہلدی کا ہلکا رنگ دیکر اوپر سے کھٹائی کا ڈوب بہت زیادہ دیں۔ یا ہارسنگار کے پھولوں کا رنگ گرم کر کے نکالو اور اس میں رنگو۔ ہ چھٹانک کے واسطے ۲ تولہ ہارسنگار کے پھول کافی ہوں گے۔

(۲۲)
کشمشی رنگ کی ترکیب

پہلے کپڑے کو بہیڑے کے پانی میں۔ دوسرے کت کے پانی میں۔ تیسرے ہلدی کے پانی میں۔ چوتھے کسوم کے اس پانی میں جو شہابہ کہلاتا ہے۔ پھر اتار کے چھالکوں کے پانی میں ڈبو کر پھٹکری کے پانی میں ڈال دو۔ مگر خیال رہے کہ ہر ایک ڈوب سکھا کر دیا جائے۔

(۲۳)

سیاہ رنگ کی ترکیب

بہیڑا۔ آنولہ۔ ناسپال تینوں کو ہموزن ملاکر جوش دیں اور سوت رنگ لیں بعد میں دھو ڈالیں۔ یا تیل میں رنگ کر ڈھاک کی کنی میں ۲۴ گھنٹے بھگو دیں۔ سیاہ رنگ پختہ ہوجاتا ہے۔

(۲۴)

کاکریزی رنگ کی ترکیب

(۱) ۱½ سیر پانی میں پاؤ سیر تینگ دو دام ہرنج۔ اور ایک دام ملجو اوٹا کر چھان لیں پھر رنگیں دوسری ترکیب اوّل سوت کو مائین کا پاہ دیں۔ اس کے بعد کٹ کا رنگ دیں جس سے رنگ سیاہ ہوجاویگا۔ پھر ہلکا بقم کا رنگ دیں پھر اس پر پیپل کی چھال پکا کر رنگ دیں

(۲۵)

عنابی رنگ کی ترکیب

پہلے بہیڑے کے پانی میں پھر جھبٹ کے پانی میں تیسرے ایک چھٹانک ٹینگ کے اوٹائے ہوئے پانی میں چوتھے ۲ تولہ پھٹکری کے پانی میں ڈوب دیکر سکھالیں۔

(۲۶)

بسنتی رنگ کی ترکیب

اوّل سوت یا کپڑے کو ہلدی میں رنگئے پھر صابون کے پانی میں ڈوب دیکر لیموں کی عرق کی کھٹائی میں ڈوب دیکر سکھالیں

(۲۷)

گلنار رنگ کی ترکیب

(۱) پہلے کپڑے کو کسوم کے پھولوں کے دوسرے رنگ میں ڈبوئے پھر گاد کے پانی میں ہلدی پیس کر ملادے پھر امچور کے پانی میں سوت ڈبودے۔ (۲) شہابہ آدھ سیر میں پاؤ بھر کھٹوں کا پانی ڈالکر سوت کو اس میں رنگو۔ اور ۵ گھنٹے تک پڑا رہنے دو تو اچھا ہے پھر نچوڑ لو۔ اگر رنگ تھوڑا ہو تو شہابہ کا رنگ اور دیدو یا ۶ تولہ ہار سنگار کے پھولوں کا پانی نکالکر اوپر سے دیدو۔

(۲۸)

ہوا پیازی رنگ کی ترکیب

شہابہ کے ۲ تولہ رنگ میں ۲ سیر پانی ڈالکر کپڑا۔ سوت کو رنگنے سے پھول گلابی رنگ ہوگا۔ یہ بات ضروری ہے کہ کسوم کے رنگ پر کھٹائی ضرور دینی چاہیئے۔

(۲۹)

گہرا گلابی رنگ کی ترکیب

شہابہ کے ۸ تولہ رنگ میں ۲۰ گنا پانی ڈال کر رنگنے سے گہرا گلابی رنگ ہوگا۔

(۳۰)

گلابی رنگ کی ترکیب

۱۔ کسوم (کسنبہ) کی تھوڑی سی گاد کو پانی میں ملاکر رنگنے سے گلابی رنگ ہوتا ہے۔ ۲۔ اوّل شہابہ کے رنگ کو ۳۲ گنا پانی میں گھولکر اس میں سوت کو رنگدو اور ہر طرف سے الٹ پلٹ کردیا دو۔ تھوڑی

دیر کے بعد کپڑے کو نچوڑ لو۔ پھر لیموں۔ کھٹوں یا امچور کا پانی اُسی رنگ کے پانی میں ڈالکر اس میں خوب اچھی طرح غوطہ دو۔ پھر نچوڑ کر سایہ میں سُکھا لو۔

(۳۱) شربتی رنگ کی ترکیب

۱ تین حصّہ ہارسنگار کے پھولوں کا رنگ اور ایک حصّہ کسوم کا رنگ (جو ریہی کے بعد نکالا جاتا ہے جس کو شہابہ کہتے ہیں۔) ملاکر سُوت کو رنگنے سے شربتی رنگ ہوجائے گا۔ ۲ ترکیب ۲ تولہ ہارسنگار کے پھول سیر بھر پانی میں گھولکر اور خفیف سا جوش (گرم) دیکر رنگ نکالو۔ پھر سُوت کو اس میں رنگو پھر ایک تولہ شہابہ کا رنگ ہلکا سا اوپر سے دو پھر پھٹکری کا پاہ دیدو۔

(۳۲) انگوری رنگ کی ترکیب

۱ اوّل کیسو کے اوٹائے ہوئے پانی میں کپڑا رنگے پھر بہت ہی ہلکا نیل کا رنگ دے اس کے بعد امچور کے پانی میں ڈوب دیکر سکھا لیں۔ ۲ یا پہلے سُوت کو نیل کے پانی میں ڈوب دے۔ اس کے بعد ہارسنگار کے پھولوں کا گاڑھا رنگ دیکر اوپر سے ناسپال کا ہلکا پاہ دیں اور اگر پاہ نہ دیں تو بھی ٹھیک ہے۔

(۳۳) کپاسی رنگ کی ترکیب

۱ اوّل بہت ہی تھوڑا نیل کا رنگ پانی میں گھولکر سوت کو رنگیں۔ مگر رات کو کیسو کے پھُول پانی میں بھگو دیں اور تھوڑا سا چونہ بھی ڈالدیں پھر اس کو نتھار لیں پھر نیل کے رنگے ہوئے کپڑے کو اس میں رنگو جب رنگ چڑھ جائے۔ پھر امچور کے پانی میں ڈوب دو۔ امچور کے پانی میں پڑنے سے رنگ تبدیل ہوکر کپاسی ہوگا۔ ۲ اوّل ۲ تولہ پھٹکری کو باریک پیس کر نیم گرم پانی میں گھول لو اور اس میں سُوت کو تر کرکے سُکھا لو۔ جب کپڑا تھوڑا سُوکھ جائے اور تھوڑی نمی باقی رہے تب ۶ ماشہ ہارسنگار کے پھُولوں کا رنگ نکالکر اس میں رنگ لو کپاس کا پھُول جیسا ہلکا ہوتا ہے۔ ویسا ہونا چاہیئے۔ زرد رنگ بہت ہی ہلکا دیں۔

(۳۴) بادامی رنگ کی ترکیب

۱ پاؤ سیر تِن کے چاولوں کو سیر بھر پانی میں اوٹالیں پہلے گیرو میں کپڑے کو رنگ لیں۔ پھر تِن کے ½ سیر پانی میں ڈبو دو۔ اگر ٹھیک نہ ہو۔ تو ½ سیر باقی ماندہ پانی بھی ڈالدیں ترکیب ۲ کسیس لیکر حسب ضرورت پانی میں اوٹالو پھر سُوت کو اس اوٹائے ہوئے پانی میں ڈبو دو۔ پھر سُکھا کر چونہ کا ڈوب دو۔ اور سکھا کر پھر کسیس دو۔ (ترکیب ۳) رام دہج مٹی کا ہلکا رنگ دیکر اوپر سے ٹیسو کے پھولوں کا رنگ دیں یا پہلے ہلکا گلابی رنگ کر اوپر سے رام دہج مٹی گھولکر رنگ منفطر کرکے اس میں سُوت رنگیں۔

(۳۵) نارنگی رنگ کی ترکیب

ہارسنگار کے پھولوں کو پانی میں اوٹا کر کپڑے یا سوت کو رنگے اور اس کے بعد کسوم کے پانی میں رنگ دے پھر اچھور کے پانی میں ڈوب دیں۔

(۳۶) کیسر یا رنگ کی ترکیب

پہلے پانی میں مجیٹھ کو اوٹا کر رنگ نکال لو پھر انار کے چھلکے اور ہارسنگار کی ڈنڈیوں کو ایک ساتھ اوٹا کر چھان لیں۔ پہلے سوت کو پھٹکری کے پانی میں ڈوب دیں۔ پھر ان دونوں رنگوں کے پانی میں ملا کر رنگ لیں۔

کپڑے سے رنگ کاٹنے کی ترکیب

پانی کو کسی دھات کے برتن میں گرم کرے اور پھر جس سوت کا رنگ کاٹنا ہو اس کو اس گرم پانی میں ڈال دے کہ کپڑا پانی کے اندر ڈوب جائے۔ پھر تھوڑی سی پسی ہوئی پھٹکری ڈال کر اتار لیں۔ رنگ کٹ کر پانی میں آجاویگا نوٹ :۔ کچا رنگ کٹ سکتا ہے۔ پکا نہیں کٹ سکتا۔

پھرکی کے تمام اجزاء علیحدہ علیحدہ اور اسکی مکمل شکل

سوت رنگنے کے بعد میں ہم کو تانی ارگوٹ بھرنے کی ضرورت ہوگی جس کے واسطے پہلے ہم کو ایک پھرکی بنوانی چاہیئے جس کا محیط ۱½ گز کا ہو کیونکہ چرخہ کا محیط بھی ۱½ گز کا ہوتا ہے۔ اوّل پھرکی پر سوت چڑھاتے ہیں پھر چرخہ کو پھرکی پر کھولتے ہیں۔ اور اس کی ہندھک توڑ کر اس کے سرے نکالتے ہیں۔ پھر ایک سرا اس پھرکی پر باندھتے ہیں۔ اور دوسرا سرا تانی پر لگاتے ہیں اور پھر تانی بھرتے ہیں۔ یہ پھرکی بانس کی بنائی جاتی ہے۔ اس میں بانس کی ۶ چپٹی (تیلیاں) ہوتی ہیں۔ جن کی لمبائی ۱½ فٹ چوڑائی بیچ میں ایک انچ اور کناروں پر ½ انچ اور موٹائی ۲ سوت ہونی چاہیئے۔ اس کے سوائے ایک لوہے کی سلاخ جس کی لمبائی ۲ فٹ اور موٹائی ایک سوت بانس یا نرسل کی پوری حسب ضرورت ہونی چاہئیں جس کی شکل تصویر نمبر ۲۴ سے ثابت ہوگی۔

اڈّی کے تمام حصّے الگ الگ اور اسکی مکمل شکل

اس کے بعد ہم کو اڈّی کی ضرورت ہوگی۔ کیونکہ پھرکی اڈّی پر رکھی جاتی ہے۔ جس پر پھرکی کا چکر گھومتا ہے۔ جس کی شکل تصویر نمبر ۲۵ پر درج ہے۔ یہ لکڑی کی بنائی جاتی ہے جس کے بازو یعنی اب س د کی اونچائی ۱۵ انچ۔ چوڑائی ۲ انچ اور موٹائی ۱ انچ اس کے بعد ج ط پٹڑی جس پر

کہ بازو کھڑے ہوتے ہیں۔ اس کی لمبائی ۱۰ انچ چوڑائی ۳ انچ اور موٹائی ۲ انچ ہونی چاہیئے۔ پھر اب
س و بازؤں کو ج ط پٹری کے دونوں طرف ۲ انچ چھوڑ کر کھڑے کیئے جاتے ہیں۔ اور ان بازو
کے اوپر کے سرے بیچ سے کاٹے جاتے ہیں۔ جن میں کہ پھرکی کی سلاخ رہتی ہے پھر
اور ایک پٹری ل م لگائی جاتی ہے۔ جو کہ اڈی کو تھامے رہتی ہے۔ اس کی لمبائی ۱½ فٹ چوڑائی
۱½ انچ ہوتی ہے۔ یہ پٹری بازؤں کی پٹری کے بیچ میں لگائی جاتی ہے اس پر سوت چرھی پھرکی
گھومتی ہے۔ جس کی شکل مکمل طریقہ سے تصویر نمبر ۲۶ پر درج ہے۔

چیرو سے دھاگا نکالنے کا قاعدہ

اوّل چیرو کے ہر ایک حصّہ (لی) میں الگ الگ بندھک پڑی رہتی ہیں۔ جس کے دونوں طرف کے
سرے اس بندھک میں بندھے رہتے ہیں۔ جس وقت بابن بھرنے کی ضرورت ہوتی ہے اسوقت
میں وہ دونوں سرے معہ بندھک توڑ کر ایک سرا پھرکی میں باندھ دیا جاتا ہے۔ اور دوسرے سرے
سے بابن بھرنا شروع کرتے ہیں اگر وہ سرا ٹوٹ کر گم ہو جاوے۔ تو دوسرا سرا جو کہ پھرکی میں باندھا
گیا ہے۔ اسے کھولکر اس سے بابن بھرنا شروع کرتے ہیں۔ اور اگر ممکن ہے کہ اس چیرو کے
دونوں سرے ٹوٹ کر گم ہو جاویں۔ تو پھر ہم چیرو کے ہر ایک حصّہ کو الگ الگ کریں جہاں
پر ایک دھاگا دونوں حصّوں میں جڑا ہوا رہجائے اس دھاگے کو توڑ لو۔ اور اس سے بھرنا شروع
کرو وہی اوپر کا دھاگا ہوگا۔ پھر اس کے بعد ہم کو بابن کی ضرورت پڑتی ہے۔ کہ جس پر سوت
چڑھاتے ہیں یہ دو قسم کی ہوتی ہیں ۱۔ ولایتی ۲۔ دیسی ولایتی بابن کاغذوں کو گلا کر بنائی جاتی ہے۔ اور
دیسی بابن لکڑی کی ہوتی ہے۔ اس کی لمبائی۔ چوڑائی کچھ مقرر نہیں ہے۔ حسب ضرورت بنوائی
جاتی ہیں۔ (دیکھو تصویر نمبر ۲۷)

جس وقت اڈی و پھرکی وغیرہ بن گئی۔ تو پھر ہم کو ایک چرخے کی ضرورت ہوگی۔ جس پر
بابن لگا کر سوت بھرتے ہیں۔ یہ چرخا سائیکل کے پہیہ کا اچھا بنتا ہے کیونکہ سائیکل کے پہیہ کا
محیط بڑا ہوتا ہے۔ جس کے ایک دفعہ کے چکر لگانے سے تکلا بہت دفعہ گھومتا ہے۔ لکڑی
کا چرخا اتنے چکر نہیں دیسکتا۔ دوسری بات یہ ہے۔ کہ سائیکل کا چرخا بہت ہلکا چلتا ہے لکڑی
کا چرخا بھاری چلتا ہے۔ جس کے بنانے کی ترکیب ذیل میں درج کی جاتی ہے۔
اوّل چرخے کے دو کھونٹے آ ب س د جس میں کہ پہیہ کا دھرا یعنی جس کو لاٹ بولتے ہیں

دی جاتی ہے۔ ان کی لمبائی ۱۹ انچ چوڑائی ۳ انچ اور موٹائی ۱½ انچ ہونی چاہیئے۔ اور پٹڑی ج ط جن پر کہ اب س د دونوں کھونٹے گڑے ہوتے ہیں۔ اس کی لمبائی ۱۷ انچ چوڑائی ۳ انچ اور موٹائی ۲½ انچ ہونی چاہیئے۔ اور پٹڑی ل م جس کو کہ منجھا بولتے ہیں۔ اس کی لمبائی ۲ فٹ ۲½ انچ چوڑائی ۲½ انچ اور موٹائی ایک انچ ہونی چاہیئے یہ پٹڑی ل م جس کو منجھا بولتے ہیں۔ ج ط ص ت پٹڑی میں بالکل بیچ میں لگائی جاتی ہے۔ دو کھونٹے وہ ی ر جن کی لمبائی ۱۰ انچ چوڑائی ۲ انچ اور موٹائی ۱⅛ انچ ہونی چاہیئے۔ اور پٹڑی ت ص جس پر کہ وہ ی ر کھونٹے لگائے جاتے ہیں اس کی لمبائی ۱۰½ انچ چوڑائی ۲½ انچ اور موٹائی ۲ انچ ہونی چاہیئے۔ سائیکل کے چکر کے واسطے ارے حسب ضرورت ہوں گے۔ لاٹ ع ک یعنی جس کو دھرا بھی کہتے ہیں۔ اس کی لمبائی ۲۰ انچ اور موٹائی ۲½ سوت ہونی چاہیئے۔ یہ لوہے کا ہوتا ہے اور ہتھا ث ٹ کی لمبائی ۴½ انچ موٹائی ۲ انچ ہو اور ہتھلی ت ڑ حسب ضرورت ہو اور چرمکھ وغیرہ بھی لکڑی کی بنوانی چاہئیں اور تکلا بھی بیچ سے چکری دار ہونا ٹھیک ہے۔ جس سے یہ فائدہ ہے کہ مال چرخے کی اس چکری پر گھومتی ہے ادھر اُدھر نہیں پھرتی ٹھیک اپنی جگہ پر چکر کاٹتی ہے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۲۸)

بابن بھرنے کی ترکیب

اوّل سُوت کے چیرو کو پھرکی پر چڑھاتے ہیں پھر اس کے پھرکی پر الگ الگ حصّہ کر دیتے ہیں۔ بعدازاں اس چیرو کی بندھک توڑ کر اس کے دونوں سرے نکال لیتے ہیں۔ جس کا ایک سرا پھرکی کی پنکھڑی میں باندھ دیتے ہیں اور دوسرا بابن میں جو کہ چرخے کے تکلے میں لگایا جاتا ہے۔ باندھ کر ایک ہاتھ سے دھاگا پکڑے رہتے ہیں۔ اور دوسرے ہاتھ سے چرخے کی ہتھلی گھماتے ہیں۔ جس سے تکلا و بابن گھومتی ہے۔ بابن کے گھومنے سے اس پر سوت لپٹتا رہتا ہے۔ نوٹ۔ بابن پر سُوت ایک سار لپٹنا چاہیئے۔ اور جہاں تک ممکن ہوسکے بابن کو سخت بھرنا چاہیئے دیکھو تصویر نمبر ۲۹

کانڈی بھرنے کی ترکیب

اوّل سُوت کا سرا پکڑ کر کانڈی کے اوپر کے سرے پر باندھتے ہیں۔ پھر اوپر سے نیچے کی طرف کو بھرتے ہیں یہ بات یاد رکھنی چاہیئے۔ کہ نیچے سے دھاگا اوپر کو نہ جاوے بلکہ اوپر سے نیچے کی طرف کو بھرتے ہوئے نیچے کی طرف کو چلے آؤ۔

بیان تانا کرنے کا معہ اس کی لوم کی شکل و جسامت وغیرہ

جس وقت بابن (گوٹ) بھر کر تیار ہو جاتی ہیں۔ تو پھر ہم ان کو تانا کرنے کے واسطے ٹٹّی پر چڑھاتے ہیں یہ ٹٹّی لکڑی کی بنائی جاتی ہے۔ یہ بھی بابنوں کی طرح مختلف قسم کی ہوتی ہے۔ خاص کر دیسی ہینڈلوموں کے واسطے ۲۰۰ بابنوں کی ٹٹّی بہت اچھی رہتی ہے۔ اس ٹٹّی سے تانے کے چرخے پر جتنی لیٹیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ اتنی ہی ڈالدی جاتی ہیں۔ مگر میلوں (بڑے انجنوں کے کام) میں ایسی بڑی ٹٹّی ہوتی ہے کہ جس پر ۳ ہزار بابن ایک ساتھ چڑھ جاتی ہیں۔ ان ٹٹیوں سے تانے کا عرض ایک ہی دفعہ ہو سکتا ہے۔ لٹی (جھٹی) کس کو کہتے ہیں؟ تانے کے اس چھوٹے حصّہ کو کہتے ہیں۔ جن کو ملا کر تانے کا عرض پورا کیا جاتا ہے یہ ٹٹّی پر کم بابن چڑھنے سے پڑتی ہیں۔ اوّل ٹٹّی کے بازو آد۔ عپ۔ یص ت ٹ۔ شص۔ ب س پچھلی کے اور آگے بازو طن۔ زذ۔ ت خ۔ ڑہ۔ ق ر۔ ج ل بنوانے چاہئیں۔ جن کی اونچائی ۵ فٹ۔ چوڑائی ۲ انچ اور موٹائی بھی ۲ انچ ہونی چاہیئے۔ اس کے بعد ٹٹّی کی چوڑائی کی پٹڑی آب۔ دس پچھلے خانہ کی اور طج۔ ن ل آگے کی پٹڑی ہونی چاہیئے۔ جن کی لمبائی ۳½ فٹ چوڑائی ۲½ انچ اور موٹائی ۱ انچ ہونی چاہیئے۔ اور یہ پٹڑی لگانے کے واسطے پٹڑی چ ح اور ف ٹ بھاری و وزن دار ہونی چاہئیں جن کی لمبائی ۴ فٹ چوڑائی ۴ انچ اور موٹائی ۳ انچ ہو اور اوپر کی پٹڑی ب ج و اط کی لمبائی حسب ضرورت چوڑائی ۲ انچ موٹائی ۱½ انچ ہو اور ات۔ طخ۔ ب ل اور ج س کی لمبائی و چوڑائی و موٹائی حسب ضرورت ہونی چاہیئے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۳)

ٹٹّی کو فٹ کرنا

اوّل چ ح اور ف ٹ پٹڑی کے دونوں طرف ۲، ۲ انچ چھوڑ کر س د اور ل ن پٹڑی لگانی چاہئیں۔ اور م و پٹڑی چ ح اور ف ٹ کے درمیان میں لگانی چاہیئے۔ اب بازو آد عپ۔ یص۔ ف ٹ۔ شض اور ب س پٹڑی س د میں ۹ انچ کا فاصلہ چھوڑ کر کھڑے کرے اور اب پٹڑی میں ۹، ۹ انچ کا فاصلہ چھوڑ کر مستطیل سوراخ کر کے ان بازو کے اوپر لگانی چاہیئے۔ اور آگے کی طرف کی ٹٹّی بھی ن ل پٹڑی پر اسی طرح لگانی چاہیئے پھر اط اور ب ح پٹڑی دونوں ٹٹیوں کے ج ب اور اط سروں پر لگا دے پھر ات۔ طخ

اور ج س و ب ل پٹری لگاوے۔ یہ پٹری مضبوطی کے واسطے لگاتے ہیں۔ اور ان بازوں
میں ایسے سوراخ ہونے چاہئیں۔ جو آپس میں ایک سیدھ میں ہوں اور اوپر کی طرف کو کاٹ دیئے
جاویں۔ جس سے لوہے کی سلاخ (تلی) اوپر کی طرف سے ان سوراخوں میں نیچے کی طرف چلی جاویں۔ اور
جتنے بانے پچھلی ٹٹی میں لگائے جاویں۔ اتنے ہی اگلی ٹٹی میں لگانے چاہئیں۔ جس میں کہ پچھلی
بانوں کا دھاگا گذرتا ہے۔ یہ اس وجہ سے لگاتے ہیں۔ کہ پچھلے دھاگے سامنے کے دھاگوں میں نہ
ملیں بلکہ آگے کی ٹٹی کے سوراخوں کے بیچ میں لگاتے ہیں۔ (تصویر دیکھو نمبر ۳۱)

بیان سند کا

سوال۔ سند سے کیا کام ہوتا ہے۔ اور کن چیزوں سے بنائی جاتی ہے۔
جواب۔ تانے میں بندھک ڈالنے کے کام آتی ہے اور یہ لکڑی و لوہے کے تاروں سے بنائی جاتی ہے۔
سوال۔ بندھک ڈالنے سے کیا فائدہ ہے۔
جواب۔ بندھک ڈالنے سے ہم کو تانے کے دھاگوں کی سیدھ یعنی ان کی اصلی جگہ معلوم ہو جاتی
ہے۔ بندھک کس طرح ڈالتے ہیں۔

اوّل سند کی کھڑکیوں میں جو لوہے کے تار لگے ہوتے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک تار بیچ
میں چپٹا ہوتا ہے۔ جس میں کہ سوراخ کھلا ہوتا ہے۔ ان سوراخوں میں دھاگے نمبروار نکالے جاتے
ہیں۔ یعنی پہلا آگے کی کھڑکی میں دوسرا پیچھے کی کھڑکی کے سوراخوں میں تیسرا آگے کی میں پس
اسی طرح سے آگے پیچھے نکالے جاتے ہیں۔ جب ہم بندھک ڈالتے ہیں تو اگلی کھڑکی کو نیچے دباتے
ہیں۔ جس سے آدھے تار اوپر اور آدھے نیچے ہو جاتے ہیں۔ پھر ان کے بیچ میں ڈوری ڈالدیتے
ہیں۔ پھر اس کھڑکی کو اوپر کی طرف لے جاتے ہیں۔ تو نیچے کے تار اوپر اور اوپر کے نیچے ہو جاتے
ہیں۔ پھر اس میں بھی ڈوری ڈالدیتے ہیں۔ پس تانے میں بندھک اسی طرح پڑتی ہے۔ اسی کا
نام بندھک ڈالنا ہے۔ اور بندھک بھی اسی طرح ڈالی جاتی ہے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۳۲)

سند کے ہر ایک حصہ کی پیمائش

شروع میں دو بازو و۔ ا ب۔ د ج بنوانے چاہئیں۔ جن کی لمبائی ۳ فٹ ۲ انچ چوڑائی ۱½ انچ
اور موٹائی ایک انچ ہو۔ اس کے بعد ایک پٹری س ر جس پر ا ب اور د ج بازو چار چار انچ دونوں
طرف چھوڑ کر جڑے جاویں۔ اس کی لمبائی ۲½ فٹ چوڑائی ۱½ انچ اور موٹائی ۱¾ انچ ہو اور دو پٹری

مقام کی م ن اور ک ل جس میں س ر پٹری مستطیل سوراخ کھولکر جڑی جاتی ہے۔ ان کی لمبائی ۱۰ فٹ ۱۰ انچ چوڑائی ۲ ½ انچ اور موٹائی ۲ انچ ہو پھر ف ہ ت سند کی کھڑکی کے ی ف اور ت ہ بازو کی لمبائی ایک فٹ ۱۰ ½ انچ چوڑائی ۱ ½ انچ اور موٹائی ۱ ½ انچ بنوانی چاہیئے اس کے بعد ی ت اور ف ہ کی لمبائی ۱۰ انچ چوڑائی ایک انچ اور موٹائی بھی ایک انچ۔ اور دوسری کھڑکی کے بازو سند کے بازو میں شامل ہیں۔ اور لوہے کے تاروں کی لمبائی ۹ انچ اور موٹائی ½ انچ ہو اور ایک چسٹر یا چھوٹی سی اوپر نیچے گرنے والی کھڑکی میں اوپر کی طرف بیچ میں لگانی چاہیئے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۳۳)

سند فٹ کرنا

اوّل س ر پٹری م ن اور ک ل پٹری میں مستطیل سوراخ کھولکر مضبوطی سے جڑ دے پھر س ر پٹری کے دونوں طرف ۴-۴ انچ چھوڑ کر مستطیل سوراخ بنا کر اب اور دج بازو گاڑھ دے۔ اس کے بعد اد بازو کھڑکی کا ان دونوں بازوؤں کے اوپر کے سرے پر جڑ دے اس کے بعد طع پٹری اب اور دج بازوؤں کے او د سرے سے ۱۰ انچ نیچے کے سرے پر لگا دے اور دوسری کھڑکی بھی اسی طرح بنائے۔ پھر ان کھڑکیوں میں سند کے تار جو کہ ۹ ½ انچ لمبے بنائے ہیں۔ لگا دے مگر تار لگانے میں یہ خیال رہے کہ دونوں کھڑکیوں کے تار آپسمیں مخالف ہوں۔

نوٹ:۔ تاروں میں برمے سے سوراخ ہونا چاہیئے۔

سوال۔ تانا کرنے کی کے قسم ہوتی ہیں؟ اور کن چیزوں پر کیا جاتا ہے۔

جواب۔ تانا تین قسم سے ہوتا ہے۔ ۱۔ مشین سے ۲۔ دیوار پر جس کا کہ احمد آباد میں زیادہ رواج ہے۔ ۳۔ دستی جس کو کہ عام جولاہے کیا کرتے ہیں۔

سوال۔ دستی تانا کس طرح سے کرتے ہیں؟

جواب۔ اوّل ایک لکڑی کو زمین میں خوب مضبوط گاڑھے اور اس لکڑی کے کچھ فاصلہ پر چار سروے دو دائیں جانب اور دو بائیں جانب سیدھ میں گاڑھ دے۔ اسی طرح سے چار چار سروے گاڑھتا چلا جاوے۔ جب تانے کی لمبائی پوری ہو جاوے۔ اس وقت دو کھونٹے لکڑی کے کم سے کم ایک فٹ کے فاصلہ پر گاڑھے اور ان کھونٹوں کے پاس ہی ایک ایک سروا اور گاڑھ دے جس سے کہ اس کی سند قایم ہو جائے۔ پھر دو سروں میں اری لگا کر اس میں نلا چڑھا دے اور پہلے کھونٹے کی طرف سے تانا کرنا شروع کرے۔

نوٹ۔ اری لوہے کی گھنڈی دار تکلے کے مانند بنی ہوتی ہے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۳۴)

دیوار پر تانا کرنے کی ترکیب

اوّل دیوار پر ایک طرف دو کھونٹیاں برابر میں گاڑ دیتے ہیں۔ پھر ان کے آگے پانچ پانچ گز کی دوری پر ایک ایک کھونٹی گاڑتے چلے جاتے ہیں۔ جب تک کہ تانے کی آدھی لمبائی کی دوری ختم نہ ہو جب تانے کی آدھی لمبائی پوری ہو جائے۔ اسی طرح پھر پیچھے کی طرف گاڑتے چلے آؤ۔ اور پھر ان دونوں کھونٹیوں کے نیچے دو کھونٹی گاڑ دو یہ کھونٹی نیدھک (سند) ڈالنے کی ہوتی ہیں۔ پھر ان کھونٹیوں پر تانا کرنا شروع کرتے ہیں۔ اس کے تانا کرنے کی ایک ٹٹی ہوتی ہے۔ جس سے تانا کیا جاتا ہے۔

دستی تانا کرنے اور بیم بھرنے کی ترکیب

اوّل دو کھونٹے (ا ب۔ س د) بڑے مضبوط مستطیل بنا کر گاڑتے جاتے ہیں۔ اور ان کھونٹوں میں اوپر کی طرف گول سوراخ کئے جاتے ہیں۔ جن میں بیم (رحل) رکھا جاتا ہے۔ اور پھر دو کھونٹے ان دونوں کھونٹوں کے سامنے ح ر۔ م ن ایک سیدھ میں آگے کی طرف اور گاڑتے جاتے ہیں۔ جن میں جھری کھود دی جاتی ہے ان کھونٹوں میں کنگھی (ریڈ) لگاتے ہیں۔ اور پھر ان دونوں کھونٹوں کے علاوہ ایک بڑے مضبوط تختے میں کھونٹا اور گاڑھا جاتا ہے۔ جس پر وزن رکھتے ہیں۔ جب تانا لپیٹتے ہیں۔ تو اوّل کنگھی (ریڈ) میں سے تانے کے تمام دھاگے نکالے جاتے ہیں۔ پھر اس کنگھی کو ح ر۔ م ن کھونٹوں کی جھری میں پھنسا دیتے ہیں۔ اور تانے کے تمام دھاگوں کو رول میں باندھتے ہیں تانے کا دوسرا سرا اس بڑے کھونٹے میں جو کہ تختے میں گڑا ہوا ہے باندھ دیتے ہیں۔ اور اس تختے پر وزن رکھتے ہیں۔ پھر رول لپیٹنا شروع کرتے ہیں۔ (دیکھو تصویر نمبر ۳۵)

مشین پر تانا کرنے کی ترکیب

اوّل بابنوں کو ٹٹی کے ہر ایک خانے میں لوہے کی سلاخ لگا کر اوپر سے نیچے تک چڑھا دیتے ہیں پھر ٹٹی کے آگے سند رکھتے ہیں۔ پھر ان سب بابنوں کے دھاگے سند کے سوراخوں سے نکالتے ہیں۔ یہ دھاگے بابنوں سے نمبر وار یعنی آگے کی ٹٹی کے اوپر کی بابن کا دھاگا لیکر وہ سند کی آگے کی کھڑکی میں نکالتے ہیں۔ پھر پچھلی ٹٹی کے اوّل کی بابن کا سرا لیکر آگے کی ٹٹی کے اوپر کے بابن کے نیچے جو کہ لگا ہوا ہے۔ اس میں کو نکال کر سند کی پچھلی کھڑکی میں نکالتے ہیں اسی طرح سب دھاگوں کو نمبر وار سند میں نکال دیتے ہیں۔ پھر ان دھاگوں کو کنگھی (ریڈ) جو تانے کے فریم کے اوپر لگی ہوئی ہے دو۔ دو ایک کھڑکی میں نکال دیتے ہیں۔ یعنی ایک آگے کی کھڑکی کا دھاگا دوسرا

پیچھے کی کھڑکی کا دھاگا اسی طرح سب دھاگے اس ریڈ میں سے نکال لیتے ہیں۔ پھر ان سب دھاگوں کو ایک جگہ کر کے گرہ لگا دیتے ہیں۔ پھر اس گرہ کو تانے کے چرخے کی چپتی میں جو ہک لگے ہوتے ہیں ان میں لگا دو اس کے بعد اس میں سند ڈالو۔ اور ڈوری نکالکر باندھ دو پھر تانا کرنا شروع کرنا۔

نوٹ۔ (۱) یہ پہلے سوچ لینا چاہیئے۔ کہ تانا جس نمبر کی ریڈ میں بھرا جائیگا۔ اسی نمبر کی ریڈ تانے کے فریم پر لگانی چاہیئے۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ کل تانے کا عرض چرخہ کے ہک کے بیچ میں رہے یعنی دونوں طرف چرخہ کا فاصلہ برابر چھوٹا رہے۔

(۲) پہلے چرخہ کے ایک چکّر کی لمبائی دیکھ لو پھر جتنے گز کا لمبا تانا کرنا ہو اتنے ہی چکر اسی ایک چکّر کی لمبائی سے کر لو۔ جس وقت تانا پورا ہو کر چرخہ پر چڑھ جاتا ہے۔ تو پھر ہم کو بیم (رول) پر لپیٹنا پڑتا ہے۔ جٹی معلوم کرنے کا قاعدہ۔ $\frac{\text{پٹی کا نمبر} \times \text{عرض تانا}}{\text{تعداد کوٹ}}$ = تعداد جٹی

بیم بھرنے اور (بیم پر تانا) لپیٹنے کی ترکیب

تانا بیم پر اس طرح لپیٹتے ہیں۔ کہ لیٹوں کے آخر کے سرے لیکر اس رول میں مضبوطی کے ساتھ باندھتے ہیں۔ اور پھر تانے کا جتنا عرض رکھتے ہیں۔ اتنا ہی عرض بیم پر ناپ کر اس کے دونوں طرف پلیٹ لگا دیتے ہیں۔ مگر اس بات کا خیال رکھنا لازم ہے۔ کہ بیم کے دونوں طرف کے سروں کی لمبائی برابر دوری چھوڑی جائے اور پلیٹ اس وجہ سے لگاتے ہیں۔ کہ تانے کا کنارا نیچے نہ گرے۔ تانے کا کنارا گرنے سے بننے میں کپڑا کا کنارا خراب ہو جاتا ہے۔ اور جس جگہ بیم میں ڈھیلا پن آتا ہو اس جگہ کاغذ لگا دینے چاہئیں۔ کیونکہ کاغذ لگانے سے اس جگہ کا تانا سخت ہو جاتا ہے۔

نوٹ:۔ یہ رول ہر ایک جگہ سے سخت لپیٹنا چاہیئے۔ ڈھیلا ہونے سے یہ نقصان پڑتا ہے۔ کہ اوپر کے دھاگے نیچے کے دھاگوں میں پھنس جاتے ہیں۔ جس سے بنتے وقت تانا اُلجھ جاتا ہے۔ اور دوسری بات یہ ہے۔ کہ رول لپیٹنے کے وقت چابی ضرور ہونی چاہیئے۔ چابی کی شکل (دیکھو تصویر نمبر ۳۶)

مشین کے فریم و چرخہ کی پیمائش

اوّل تانے کے فریم کے اوپر کے دو بازو ڈ ش۔ ع ک جن کی لمبائی ۸ فٹ چوڑائی ۴ انچ اور موٹائی ۳ انچ تیار کرانے چاہئیں۔ ان کے بعد نیچے کے دو بازو ی ل۔ ط ص جن کی لمبائی ۸ فٹ چوڑائی ۲ انچ اور موٹائی ۲ انچ بنوا دے۔ پھر فریم کے دو کھونٹے ا ب۔ ل م جن کی لمبائی

۳½ فٹ چوڑائی ۴ انچ اور موٹائی ۲½ انچ ہو اور کھونٹے س ت د ۔ و ن جن کی لمبائی ۴¼ فٹ چوڑائی ۴ انچ اور موٹائی ۲½ انچ ہو۔ ان دونوں کھونٹوں میں اوپر کی طرف گول سوراخ ہونے چاہئیں۔ اور چوڑائی بازو ل ا جس کی لمبائی ۶ فٹ چوڑائی ۴½ انچ اور موٹائی ۲½ انچ ہونے والے مگر اس بازو یا پٹڑی میں بیچ میں چھری بالکل آرپار ہونی چاہیئے ۔ جسمیں پٹی کا چوکھٹا ادھر اُدھر پھرتا رہے ۔ اب چرخے کے چکر کا محیط ۳¼ گز کا ہونا چاہیئے ۔ جس کا قطر ایک گز ۶½ گرہ کا ہوگا ۔ اور چھپنی چرخے کے واسطے ½ انچ موٹی ۱½ انچ چوڑی ۵ فٹ لمبی ۱۶ عدد تیار کرائے جو کہ چکروں پہ چار چار گرہ کی دوری پر لگانی چاہئیں ۔ ہر ایک چرخہ میں تین چکر ہونا ضروری ہیں، کیونکہ اگر بیچ میں چکر نہ لگایا جائیگا ۔ تو وہ چھپنی تانے کے دباؤ سے نیچے کی طرف جھک جائے گی ۔ اور پھر ان چکروں اور بیچ کے بیلن میں آرے لگانا واجب ہیں ۔ یہ چکر لوہے کی مضبوط ۲ سُوت موٹی پٹی کے ہونے چاہئیں ۔ اور ایک چھپنی میں ہُک لگانا واجب ہے ۔ اور چرخے کے بیچ کے رول کا قطر ۳ انچ ہونا چاہیئے اور پھر لوہے کا موٹا لٹھا ½ انچ موٹا چرخے کے آگے کی طرف لگتا ہے ۔ جس کے نیچے کو تانا ہوکر رول پر جاتا ہے ۔ اور اس کے پچھلی طرف ہاف ریڈ ہو ۔ ریڈ کے بعد میں ایک لکڑی کا بیلن جس کا قطر ۲ ۔ انچ ہو لگانا چاہیئے ۔ اس کے بعد پھر ایسا لوہے کا لٹھا جو کہ ½ انچ موٹا ہو لگانا واجب ہے ۔ (دیکھو تصویر نمبر ۳۸)

مشین فٹ کرنا

اوّل تانے کے دونوں بازو ث ث اور ع ک میں ا ب ۔ ل م ۔ س د ۔ اور و ن کھونٹے ٹھوک کر پھر ان کھونٹوں میں ط ص ۔ ی ہ بازو لگاؤ پھر ل بازو لگاؤ اس کے بعد لوہے کے تین چکر بنواؤ ۔ جس میں ۴ گرہ کے فاصلہ پر سُوراخ ہوں پھر ان چکروں کے اوپر چھپنی لگاؤ ۔ اور ان چکروں و چھپنی میں ½ انچ لمبے کابلے لگاکر تیار کرو ۔ جس وقت سب چھپنی لگ جائیں ۔ ان چکروں و رول میں آرے لگاؤ ۔ جب آرے لگ کر تیار ہو گئے ۔ تو پھر اس کو فریم پر بریکٹ لگاکر ۔ اس میں تھا نیچانہ دیکر اس چرخہ کو رکھدو ۔ اور اس کے آگے ایک ½ انچ موٹا لٹھا لگاؤ ۔ پھر لٹھے کے آگے لکڑی کا رول پھر ہاف ریڈ اور اس کے آگے ½ انچ موٹا لٹھا لگاؤ ۔

نوٹ ۔ تانے کی مشین میں پیچ نہ ہونا چاہیئے ۔ اگر پیچ ہوگا ۔ تو تانے کا کنارا خراب ہو جائے گا ۔ اور ہر ایک مشین کو ہموار جگہ میں رکھنا لازم ہے ۔ اس کے واسطے لیول کی ضرورت پڑتی ہے ۔ جس سے زمین کی اونچائی نیچائی وغیرہ سب معلوم ہو جاتی ہے ۔ جس وقت تانا ہو جاتا ہے ۔ تو اس وقت ہم

کو پان (مانڈی) کی ضرورت ہوتی ہے۔ مگر اس بات کا خیال رہے۔ کہ کچّے سوت کے تانے کو مانڈی کی ضرورت ہوتی ہے۔ سوائے ولایتی مشینوں کے کچے سوت کا تانا اور مشینوں پر نہیں ہوتا۔ کیونکہ کچّے سوت میں اتنی طاقت نہیں ہوتی۔ کہ وہ تانا کرنے کی مشین کی ٹھوک سنبھال سکے۔ اس واسطے ان سوتوں کا تانا ہاتھوں سے کیا جاتا ہے۔ پھر اس کو مانڈی دیتے ہیں۔ مانڈی دینے کے بعد اس کی برشس سے رسائی کرتے ہیں۔ جس کو کہ مانجھا کرنا بھی بولتے ہیں۔ بعض بعض آدمی پہلے سوت کے چیڑوں کو مانڈی میں بھگو کر سکھا لیتے ہیں پھر ان کے بابن بھرتے ہیں۔ جب اس کا تانا بناتے ہیں۔ اس کو کھری کی پان بولتے ہیں۔ مگر یاد رکھنا چاہیئے۔ کہ پان گرمیوں کے دنوں میں نہیں چل سکتی کیونکہ گرمی کی وجہ سے چٹک جاتی ہے۔ اور اگر بٹے سوت کو مانڈی دیں تو پہلے بٹے سوت کی اٹیوں کو پان (مانڈی) میں ڈبو دیتے ہیں۔ پھر سکھا کر بابن بھرتے ہیں۔ بعد میں اس کا تانا بنا لیتے ہیں۔ اس کو بھی کھری کی پان بولتے ہیں۔

بیان سائزنگ یعنی سوتوں کو پان دینا

سوال۔ پان یعنی مانڈی کس کو کہتے ہیں۔

جواب۔ پان اس چیز کو کہتے ہیں۔ جو کچّے سوتوں کو مضبوط بناتی ہے۔ یہ اس وجہ سے دیتے ہیں۔ کہ مانڈی سے سوت مضبوط ہو جاتا ہے۔ بغیر پان کے کچا سوت اس وجہ سے نہیں چل سکتا۔ کہ اس کا رووال آپس میں ملا ہوا نہیں ہوتا۔ اور جب تک سوتوں کا رووان آپس میں ملا ہوا نہ ہو تب تک وہ سوت نہیں چلتا۔ کیونکہ جلدی ٹوٹ جاتا ہے۔ ان رؤوں کو آپس میں ملانے یا چسپاں کرنے کی وجہ سے پان دیتے ہیں۔

سوال۔ پان دینے کے وقت ہم کو کس بات کا خیال ہونا چاہیئے۔

جواب۔ پان دینے سے پہلے ہم کو چار باتوں کا خیال ہونا چاہیئے۔ ۱۔ مانڈی چمکدار ہونی چاہیئے ۲۔ مانڈی میں سفیدی کا ہونا ضروری ہے ۳۔ مانڈی میں ملائمت ہونی چاہیئے ۴۔ مانڈی میں وزن بڑھنا چاہیئے۔

۱۔ مانڈی کو چمکدار کرنے کے واسطے چینی مٹی ڈالنی چاہیئے ۲۔ سفیدی لانے کے واسطے نیل کی چاشنی چاہیئے۔ ۳۔ مانڈی میں ملائمت دینے کے واسطے چربی ڈالنی چاہیئے۔ اگر ہندو لوگ چربی سے اعتراض کریں تو ناریل یا سرسوں کا تیل ڈالنا چاہیئے۔ ۴۔ وزن بڑھانے کے واسطے

سیلکھڑی یا ملتانی مٹی ڈالنی چاہیئے۔

نوٹ۔ یاد رکھنا چاہیئے کہ پان تین قسم کی ہوتی ہے۔ ۱۔ گرمی کے موسم کی ۲۔ برسات کی۔ ۳۔ جاڑے کے موسم کی۔

۱۔ گرمی کے موسم میں ایسی پان دیتے ہیں۔ کہ جو سوت کو مضبوط و ملائم رکھے۔ کیونکہ سخت پان گرمی کے موسم میں تڑک جاتی ہے۔ جس سے دھاگے بہت زیادہ ٹوٹتے ہیں۔ ۲۔ برسات کے موسم میں سخت پان دینی چاہیئے۔ کیونکہ برسات میں سخت پان بھی ملائم ہو جاتی ہے۔ ۳۔ جاڑے کے موسم میں بھی سخت پان دیتے ہیں۔ کیونکہ جاڑوں میں ٹھنڈک ہوتی ہے۔

سوتوں کو پان دینے کا قاعدہ

ترکیب۔ ایک سیر سوت کو ۲ چھٹانک میدا گندم بہت باریک (سوجی کی ہونی چاہیئے) سوڈا ایک تولہ نمک ½ تولہ۔ موم ایک تولہ لیکر اول موم کو پان (مانڈی) دینے سے تین یوم پیشتر پانی میں سڑانا چاہیئے۔ بعد ازاں میدا کو پانی میں ڈالکر پکانا چاہیئے۔ جس وقت میدا کا پانی پکنے لگے اس وقت سوڈا نمک بھی ڈالدو۔ مگر اس بات کا خیال ہونا چاہیئے۔ کہ پانی اتنی مقدار میں ہو جس میں سوت اچھی طرح بھیگ جائے۔ اس کے بعد موم کے سڑے ہوئے پانی کو اس پانی میں ڈالدے پھر تانا کو اس پانی میں بھگو دے جس وقت خوب اچھی طرح بھیگ جاوے اسکو کھولکر برش

نوٹ۔ برش سے صاف کرنے کا یہ فائدہ ہے۔ کہ زیادہ پان لگی ہوئی جھڑ جاتی ہے۔ اور سوت کا رونگٹا بھی آپس میں ملکر ٹھیک ہو جاتا ہے۔ اور سوت بھی گول ہو جاتا ہے۔ اکثر گاؤں میں جولاہے اس طرح پان دیتے ہیں۔ پہلے وہ لوگ گیہوں کے آٹے کی روٹیاں بناتے ہیں۔ اور ان کو توے پر پکاتے ہیں۔ پھر ان روٹیوں کو توڑ کر کسی برتن میں پانی ڈالکر ان ٹکڑوں کو ڈالدیتے ہیں۔ بعد ۱۲ گھنٹے کے ان ٹکڑوں کو مسل لیتے ہیں۔ پھر اس پانی کو کسی دھوتر کے ٹکڑے میں چھان لیتے ہیں یہ پان تیار ہو گئی اب اس میں سوت بھگوتے ہیں۔ جب سوت اچھی طرح بھیگ جاتا ہے۔ تو اس کی رسائیت کرتے ہیں۔

دوسرا قاعدہ

اوّل سوت کو ۲ یوم (۴۸ گھنٹے) تک پانی میں بھگو دیں۔ بعد ازاں اس کو پانی سے نکالکر سکھا دیں پھر مندرجہ بالا چیزوں کو تین روز تک سڑا دیں۔ جب وہ سب چیزیں سڑ جائیں۔ تو پھر ان کو پکایا جاوے۔ پھر ٹھنڈی کرکے اس میں سوت ڈبو دیں۔ اور پان سے نکالکر سکھا لیوے۔ پھر اس کے نلے بھرے اور تانا بنا دے۔ اس پان میں برش سے صاف کرنے کی ضرورت نہیں۔ اس کو کھڑی کی پان

کہتے ہیں یہ پان ۲ منٹ سے نیچے نمبروں کو دیتے ہیں۔

۴۰، ۵۰، ۶۰، ۷۰ نمبر کے سوت کو پان کا طریقہ

ایک سیر سوت کے لئے پاؤ بھر میدا گندم باریک سڑائی جاوے۔ بعد ازاں اس میں ایک تولہ صابن ایک تولہ موم ایک تولہ سوڈا ۱/۲ تولہ نمک سڑا ہوا ڈالکر۔ ان سب چیزوں کو پکایا جاوے جس وقت پکنے میں کچھ دیر باقی ہے اس میں چار تولہ چربی ڈالدے۔ اگر چربی ڈالنے سے اعتراض ہو تو چار تولہ سرسوں کا تیل ڈالدے جس وقت پک جاوے۔ اس وقت سوت بھگو دے۔ پھر سایہ میں کرے۔

۸۰ نمبر کے سوت کو پان دینے کا قاعدہ

ایک سیر سوت کے لئے ۴ چھٹانک میدا گندم۔ ایک تولہ موم۔ ایک تولہ سوڈا۔ ۱/۲ تولہ نمک۔ ۲ تولہ آلو۔ ان سب چیزوں کو چار یوم پیشتر سڑا دیا جاوے۔ بعد چار یوم کے خوب پکایا جاوے۔ پکتے وقت ایک چھٹانک چربی ضرور ڈالی جاوے۔ پھر اس مانڈی کو اتار کر اس میں سوت کو بھگو دیا جاوے پان نہایت عمدہ ہوگی۔

نوٹ - مانڈی میں پانی اس قدر ہونا چاہیئے کہ سوت اچھی طرح بھیگ جاوے۔ جو نمبر پہلے دیئے ہوئے ہیں۔ ان کو بھی یہ مانڈی اچھی ہے۔ یہ مانڈی ۸۰ لغایتہ ۱۰۰ نمبر کے سوت کو نہایت مفید ہے

قاعدہ سٹر کو پان دینا

ایک سیر سوت کو چار چھٹانک ساگودانہ۔ ۲ تولہ صابن۔ ۲ تولہ ناریل کا تیل چاہیئے۔ پہلے ساگودانہ و صابون کو پکایا جاوے۔ پکتے وقت ناریل کا تیل ڈالدیا جاوے۔ جس وقت پک جاوے اس وقت سٹر کو اس میں بھگو دے۔ پھر تانا بنا لیوے۔

مرسرائزڈ سٹر کی پان قسم اوّل

ایک سیر سٹر۔ مرسرائزڈ کو ۲ تولہ مچھلی کا سریش۔ چار انڈوں کی سفیدی چاہیئے۔

ترکیب اول - پانی کو خوب اُبال لیا جائے۔ پھر تھوڑی گرم پانی میں ان چیزوں کو ملایا جاوے پھر اس پانی کو کل پانی میں ملا دیا جاوے۔ اس کے بعد سوت کو تھ لیا جاوے مگر یہ خیال رہے کہ جلدی کیجاوے۔ اگر سٹر زرد رنگ کی ہو تو انڈوں کی زردی ڈالنی چاہیئے۔

ریشم کی مانڈی (پان)

ایک سیر ریشم کو چار انڈوں کی سفیدی۔ ۲ تولہ سفید سیلکھڑی۔ ۲ تولہ مچھلی کا سریش ریشم زرد میں ملانا چاہیئے۔

نوٹ:۔ سیلکھڑی اُس کے سوت میں ڈالنی چاہیئے۔

ریشم کی پان کا دوسرا قاعدہ

ریشم کے ایک سیر سوت کو چار تولہ سُریش مچھلی۔ ایک چھٹانک ساگودانہ۔ چار انڈوں کی سفیدی۔ ایک تولہ صابون۔ ایک تولہ سوڈا چاہیئے۔

ترکیب:۔ ان سب چیزوں کو برتن میں پکا دیں۔ جس وقت یہ پک جاویں۔ اس وقت ریشم کے سُوت کو اس میں ڈبو دیں۔ مگر یہ خیال رہے کہ سوت مانڈی میں خوب اچھی طرح بھیگ جاوے۔ اگر کہیں پر سوت کم بھیگیگا۔ تو پان خراب ہو جائے گی۔

نوٹ۔ کل نمبروں کے سوتوں کو اسی طرح پان دیتے ہیں۔

پان کے وقت رنگ دینے کا قاعدہ

اگر ریشم سفید ہے اور رنگین بنانا ہے تو اس مانڈی میں ½ سیر تخم املی سیاہ پان کرنے سے ایک ہفتہ پیشتر بھگو دیں۔ جب وہ پانی میں پھول جاویں۔ تو ان کو اسی پانی میں مسل لیویں۔ بعد ازاں اسمیں ۲ تولہ توتیا۔ پیس کر ڈالیں تو وہ مانڈی نہایت چمکدار اودے رنگ کی ہوگی۔

ہلکی مانڈی سوتوں کیلئے مانڈی کے چند مختلف نسخے

گیہوں کی میدا	=	۳۰ حصّہ
چربی بغیر صاف کی ہوئی	=	۲ حصّہ
پانی	=	حسب ضرورت

ترکیب۔ اوّل گیہوں کی میدا کو پانی میں گھول کر پکایا جاوے جب پک کر تیار ہو جائے اسوقت چربی ڈالکر سُوت بھگو دے۔

نوٹ:۔ نیل کی چاس ہر مانڈی میں دینی چاہیئے۔ جس سے سُوت پر سفیدی آجائے۔

ہلکی مانڈی کا دوسرا نسخہ

میدا ساگودانہ	=	۴۵ حصّہ
آلو کی فیرنی	=	۴۲ حصّہ
چربی	=	۵ حصّہ
صابون	=	۱½ حصّہ
پانی	=	حسب ضرورت

ترکیب:۔ یہ سب چیزیں مندرجہ بالا کی طرح پکائی جاتی ہیں۔

اوسط درجہ کی مانڈی کا نسخہ

آلوں کی فیرنی = ۹۵ حصّہ
موم = ۵ حصّہ
چربی = ۲½ حصّہ
پانی = حسب ضرورت

یہ سب چیزیں بھی مندرجہ بالا کی طرح پکاتے اور دیتے ہیں۔

دوسرا نسخہ

گیہوں کی میدا = ۹۰ حصّہ
ملتانی مٹی = ۳۰ حصّہ
چربی = ۱۳ حصّہ
کلورائڈ اوف منگیشم = ایک گیلن
۲½ سیر
کلورائڈ اوف جنک = ½ گیلن

ترکیب مندرجہ بالا درج ہے۔

نوٹ:۔ اگر چوتھا حصّہ نہ دیا جاوے۔ تو چربی ڈالنی چاہیئے اور اگر کچھ چربی سے اعتراض ہو تو روغن ناریل ڈالنا چاہیئے۔

تیز مانڈی کا نسخہ

میدا گندم = ۱۰۰ حصّہ
ملتانی مٹی = ۱۲۰ حصّہ
چربی = ۱۲ حصّہ

ترکیب مندرجہ بالا ہے۔
نوٹ:۔ ملتانی مٹی کی جگہ چینی مٹی بھی ڈالتے ہیں۔

تجربہ شدہ پان کا نسخہ

سوت = ایک سیر
میدا گندم = ۲۰ تولہ
سیلکھڑی = ۵ تولہ
ملتانی مٹی = ۵ تولہ
روغن ناریل = ۱ تولہ
سریش یا گوند کیکر = ۲ تولہ
نیل کی چاشن = حسب ضرورت

ترکیب اوّل۔ میدا گندم کو پانی میں ڈالکر پکاوے۔ پھر سیلکھڑی و ملتانی مٹی و گوند کو خوب باریک کپڑ چھن کر کے اس میں ڈالدے۔ اور نیل کی چاشن بھی پہلے ہی پانی میں ڈالدے جس وقت پک جاوے اس وقت ناریل کا تیل ڈالدے۔ اس مانڈی کو ایک ابال کافی ہے۔

اون کے دیسی موٹے سوت کو پان دینا

اون کے ایک سیر سوت کو پاؤ بھر گنوار لگتا ہے۔ اوّل گنوار کو ایک برتن میں ڈالکر پکاتے ہیں۔ جس وقت گنوار پک کر گل جاتا ہے۔ اس کو اوتار کر ایک ناند (کونڈ) میں ڈالکر پاؤں سے گھوٹتے ہیں۔ مطلب گھوٹنے کا یہ ہے۔ کہ اس کا لعاب اٹھ جاوے۔ جس وقت اس کا لعاب نکل آتا ہے۔ اس وقت اون کے تانے کو اس میں ڈبو دیتے ہیں۔ بعد پانچ منٹ کے اس کو نکالکر برش سے رسائی کرتے ہیں۔

نوٹ۔ جس وقت سوت پان ہوکر اور (بیم) پر لپیٹ کر تیار ہوجاوے اس وقت پھر اس تانے کو رچھ یعنی (ہیلڈ) اور کنگھی (ریڈ) میں بھرتے ہیں۔

سوال۔ راچھ (ہیلڈ) کس چیز کے ہوتے ہیں۔

جواب۔ یہ موٹے نمبر کے سوت یعنی تین نمبر کے سوت سے ملا کر بٹیا جاتا ہے۔ بناتے ہیں۔ پھر اس پر وارنش لگاتے ہیں۔ جس سے ان رچھوں پر کڑاپن (سختی) آجاتی ہے۔

نوٹ۔ یہ رچھ (ہیلڈ) نمبروں کے حساب سے بنائے جاتے ہیں۔

رچھوں کے نمبر معلوم کرنے کا طریقہ

رچھوں کی ایک انچ کی لمبائی میں جتنے بے یعنی گھر ہوتے ہیں۔ ان کو چوگنا کرنے سے رچھوں کا نمبر نکل آتا ہے۔ **مثال**۔ ایک انچ رچھوں کی لمبائی میں ۱۸ گھر (دانے) ہیں تو وہ ۱۸×۴ نمبر = ۷۲ نمبر کا سٹ ہوگا۔

نوٹ۔ چار عدد رچھوں کو ملانے سے ایک سٹ بن جاتا ہے۔

قاعدہ ولایتی کنگھی (ریڈ) کے نمبر معلوم کرنا

اوّل کنگھی کی دو انچ کی لمبائی میں دونوں طرف نشان لگاوے پھر ان دونوں نشانوں کے درمیان کے گھر شمار کرے۔ پس جتنے گھر ہوں گے۔ وہ اسی نمبر کی ریڈ ہوگی۔ مثلاً دو انچ پٹی میں ۸۰ گھر ہیں۔ تو وہ ۸۰ نمبر کی ہے۔

نوٹ۔ دیسی کنگھی سرکڑے کی بنتی ہے۔ اور یہ کنگھی نمبروں کے حساب سے نہیں بنتی۔ بلکہ یہ سیکڑوں کے حساب سے بنتی ہے۔ اس کے بھی نمبر نکالنے کا وہی طریقہ ہے۔ جو اوپر بیان کیا ہے۔ اور ولایتی کنگھی لوہے

کی بنتی ہیں۔ کنگھی اور رچھوں کے سوائے ہم کو تار بھرنی۔ ریڈ ہتھہ کی ضرورت پڑتی ہے۔ جس سے رچھوں اور ہتی کے گھر میں سے تار نکالتے ہیں۔

سوال۔ تار بھرنی کس چیز کی ہوتی ہے۔ مفصل حال بیان کرو۔

جواب۔ یہ لوہے کی بنائی جاتی ہے۔ اس کی لمبائی تقریباً ۵ ½ پانچ ہوتی ہے۔ اور اس کا ایک سرا چپٹا ہو کر سوراخ کیا جاتا ہے۔ اور پھر وہ سوراخ دہورے تک کاٹ دیا جاتا ہے۔ اور پچھلی طرف لکڑی کا دستہ بنا دیتے ہیں۔ اور ریڈ ہتھہ لکڑی کا بنایا جاتا ہے۔ اس کی لمبائی ۴ پانچ ہوتی ہے۔ اس میں تار بھرنی کی طرح سوراخ کھول کر کاٹ دیا جاتا ہے۔ یہ سیٹل کی لکڑی کا بنایا جاتا ہے۔ اس کے دونوں سرے چپٹے ہوتے ہیں۔

سوال۔ رول (بیم) کس چیز پر پھرا جاتا ہے۔ اس کی لمبائی چوڑائی بیان کرو۔

جواب۔ جس پر بیم پھرا جاتا ہے۔ اس کو اسٹینڈ کہتے ہیں اور اس کی پیمائش حسب ذیل درج ہے۔ اول اسٹینڈ کے دو بازو ج گ اور ل ف جن کی لمبائی ۶ فٹ چوڑائی ۲ پانچ اور موٹائی ۱½ پانچ بنوانی چاہیئے۔ پھر اس کی چوڑائی کے بازو گ ف۔ س ص۔ ط ٹ ان تینوں کی لمبائی ۵ فٹ چوڑائی ۲ پانچ اور موٹائی ۱½ پانچ ہو اور جن لکڑیوں پر اسٹینڈ کھڑا ہوتا ہے۔ یعنی س د اور آ ب کی لمبائی ۶ فٹ چوڑائی ۴ پانچ اور موٹائی ۳ پانچ بنوانی چاہیئے۔ اور ل ج کی لمبائی اوپر کی چوڑائی کے برابر ہونی چاہیئے۔ اور ظ م۔ ظ ک و ن۔ د ی کی لمبائی چوڑائی حسب ضرورت ہونی چاہیئے۔ کیونکہ یہ لکڑیاں اسٹینڈ کے تھامنے کے واسطے لگائی جاتی ہیں۔ اور ک م۔ ی ن کی لمبائی وغیرہ بھی حسب ضرورت بنوائیں۔

اسٹینڈ کو فٹ کرنا

اول اسٹینڈ کے بازو ج گ کے تین برابر حصے ر ہ نقاط پر کرو اور ظ ر سے مستطیل نما سوراخ بناؤ اور ف ل کے بھی تین حصے برابر ص ٹ نقطوں پر کرو۔ پھر گ ف۔ س ص۔ ط ٹ نقطوں یعنی سوراخوں کے اندر چوڑائی کے بازو لگاؤ۔ پھر آ ب۔ اور س د کے ہر ایک طرف ۴ ½ انچ چھوڑ کر ی ن اور ک م لکڑیاں لگاؤ۔ پھر ج ل بازو کو م اور ی ن کے ٹھیک درمیان لگاؤ اس کے بعد ج گ۔ ف ل اسٹینڈ آ س۔ د ب چوکھٹے کے ج ل نقطوں پر کھڑا کرو۔ اور سوراخ مستطیل بنا کر ٹھوک دو۔ پھر ظ م۔ ظ ک۔ و ن اور د ی لکڑی اسٹینڈ کے روکنے کے

واسطے لگا دو جس سے اسٹینڈ نہ گر جائے۔ اس کے علاوہ رچھ بھرنے کے واسطے دو اسٹول یا تپائی ہونی چاہئیں۔ جن پر کہ رچھ بھرنے والا اور دھاگے پکڑنے والا بیٹھ جائے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۱۴)

اسٹینڈ پر رچھ بھرنے و باندھنے کی مکمل شکل و قاعدہ

اوّل رول (بیم) کو اوپر کے خانے گ ف۔ ص ر کے درمیان گ ف بازو میں ڈوری ڈالکر بیم کو لٹکا دیتے ہیں۔ اور پھر دوسرے خانے ر ص ٹ ک کے درمیان ر ص و ک ٹ میں ڈوری ڈال کر دونوں طرف کے سرے بڑی مضبوطی سے باندھ دیتے ہیں۔ جس سے رچھوں کے گھر (بے) تن جاتے ہیں بیوں کے تن جانے سے یہ فائدہ ہے۔ کہ وہ آپس میں نہیں الجھتے پھر ایک طرف رچھوں کی چیتوں میں ڈوری یا لوہے کی پٹی موڑ کر لٹکاتے ہیں۔ جس پر ریڈ (کنگھی) رکھتے ہیں۔ اس طرف بھرنے والا آدمی بیٹھتا ہے۔ اور دوسری طرف دھاگے پکڑنے والا۔ پھر تار بھرتی سے رچھوں میں دھاگے نکالکر ریڈ حقش سے پٹی میں نکالتے ہیں۔ پھر جس وقت رچھ اور ریڈ بھر دی جاتی ہیں۔ تو پھر ہم کو بننے کی مشین کی ضرورت ہوتی ہے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۱۲)

سوال۔ بُننے کی مشین کے قسم کی ہوتی ہیں۔

جواب۔ بُننے کی مشین پانچ قسم کی ہوتی ہے۔ ۱۔ ہٹ رسلی ۲۔ نیٹو میٹک ہینڈ لوم۔ ۳۔ سالویشن ہینڈ لوم۔ ۴۔ فلائی شٹل ہینڈ لوم۔ ۵۔ دیسی کرگہ جس کو سری رام پوری لوم بھی کہتے ہیں۔

سوال۔ ہیٹ رسلی کس کو کہتے ہیں؟ اور کس چیز کی بنی ہوتی ہے؟ اور کہاں پر بنائی جاتی ہے۔

جواب۔ ہیٹ رسلی ولایتی مشین کو کہتے ہیں۔ یہ تمام لوہے کی بنی ہوتی ہے مگر پٹری جس پر شٹل دوڑتی ہے اور کنگھی کے اوپر کی لکڑی اور ایک بیلن جس پر کپڑا لپٹتا ہے اور مار کی ہینڈل یہ سب حصہ لکڑی کا ہوتا ہے۔ یہ مشین مانچسٹر کے کارخانے سے جو ولایت میں ہے بن کر آتی ہے۔

سوال۔ ہیٹ رسلی مشین کے قسم کی ہوتی ہیں؟ ان کا مفصل حال بیان کرو۔

جواب۔ ہیٹ رسلی دو قسم کی ہوتی ہے۔ ۱۔ ہینڈ لوم۔ ۲۔ پاور لوم۔

سوال۔ ہینڈ لوم کا مفصل حال بیان کرو۔

جواب۔ یہ لوہے کی بنی ہوتی ہے اس کو ہاتھوں یا پاؤں سے چلا سکتے ہیں۔ ہاتھوں سے چلانے کے واسطے ہتھے میں ایک لکڑی کا ڈنڈا لگا ہوتا ہے۔ جس کو آگے پیچھے کرنے سے مشین چلتی ہے

اور پاؤں سے چلانے کے واسطے دو پیڈل لگے ہوتے ہیں۔ جن پر پیر رکھ کر نیچے اوپر کو دبانے سے
مشین چلتی ہے۔ یہ پیڈل نیچے کے سافٹین میں لگائے جاتے ہیں۔ جو مشین کے دونوں طرف
نکلا ہوتا ہے۔ جس میں ایک طرف گراری لگائی جاتی ہے۔ اس گراری میں ۱۰۰ دانتے ہوتے ہیں ا[ور]
دوسرے سرے کے اندر کی طرف ایک چھوٹی گراری دانتے دار ہوتی ہے۔ جس کے دانتے پیڈلوں
کی گراری سے ملے ہوتے ہیں۔ اور سافٹین کے دونوں طرف پان کی شکل کی دو گراری اور ہوتی
ہیں۔ جو مار کے ہینڈلوں کو چلاتی ہیں۔ ان ہینڈلوں کے چلنے سے سٹیل اِدھر اُدھر تیزی کے
ساتھ دوڑتی ہے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۴۳)

اور ایک سافٹین اس سافٹین سے اوپر لگا ہوتا ہے۔ جس میں ایک طرف فرائیول اور
دوسری طرف چال لگی ہوتی ہے۔ اس چال میں گراری سے آدھے دانت ہوتے ہیں۔ یعنی (اگر
گراری میں ۱۰۰ دانت ہوں تو چال میں پچاس دانت ہوں گے) دونوں طرف قریب ۴ انچ کے جگہ
چھوڑ کر کرنک موڑے ہوتے ہیں۔ جن کی لمبائی ایک انچ ہوتی ہے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۴۴)

نیچے کے سافٹین کے آگے پیڈل عینک لگی ہوتی ہے۔ جس کی شکل تصویر نمبر ۴۵ سے معلوم
ہوگی۔ اور پیچھے کی طرف رول (بیم) لگایا جاتا ہے۔ جس پر تانا لپٹا ہوتا ہے۔ بیم کے دونوں طرف
گراری لگی ہوتی ہیں۔ یہ گراری لوہے کے دُھرے میں لگاتے ہیں۔ پھر بولٹ کستے ہیں۔ جس سے
گراری ہر طرف کو نہیں گھومتی۔ یہ دُھرا بیم کے اِدھر سے اُدھر تک نکلا رہتا ہے۔ گراری کے اوپر زنجیر
رہتی ہے۔ جس کا ایک سرا اوپر مشین میں لگا ہوتا ہے۔ اور دوسرا سرا نیچے پیڈل میں جس پر وزن
لٹکاتے ہیں۔ (دیکھو تصویر نمبر ۴۶)

اور سافٹین کے آگے ہتہ لگایا جاتا ہے۔ ہتے کے آگے کی طرف دو بیلن لگے ہوتے ہیں جن میں
ایک لکڑی کا دوسرا لوہے کا ہوتا ہے۔ کپڑا لوہے کے بیلن سے گذر کر لکڑی کے بیلن پر لپٹتا ہے لوہے
کے بیلن میں باریک باریک دانتے ہوتے ہیں۔ جو کپڑے کو کھینچتے ہیں۔ اور اسی بیلن میں چال لگی ہوتی
ہے۔ چال میں ۵ گراری ہوتی ہیں۔ اور ہتے کے نیچے کی طرف سے ایک ہینڈل لگاتے ہیں۔ جو کہ
دوسرے ہینڈل میں لگتا ہے۔ اس ہینڈل میں کتے لگائے جاتے ہیں۔ جو کہ گراریوں کو چلاتے
ہیں۔ اور ہتے کے نیچے کے ہاتھوں میں اسپرنگ لگے ہوتے ہیں۔ اور دو اسپرنگ لکڑی کے رول میں
لگائے جاتے ہیں۔ جس سے کپڑا سخت لپٹتا ہے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۴۷)

اور اوپر کی طرف جالا باندھنے کا بیلن ہوتا ہے۔ جس کی شکل تصویر نمبر ۴۸ سے معلوم ہوگی

اس مشین کو ہاتھوں یا پیروں سے چلاتے ہیں۔ اس کی قیمت آج کل ۴۵۰ روپیہ ہوتی ہے۔ پاور لوم بھی ہینڈ لوم کی طرح ہوتی ہے۔ مگر اس میں فرابیول کے دھرے پر ایک پٹہ اور لگا ہوتا ہے۔ جس کو فرابیول ہی کہتے ہیں۔ اسی پر مال چڑھاتے ہیں۔ اور یہ انجن سے چلتی ہے۔ یہ تقریباً ۱۲ گھنٹے میں ۴۰ گز کپڑا نکالتی ہے۔ زمانہ حال میں اس کی قیمت ۴۵۰ روپیہ آج کل مشین بڑے کارخانوں (ملوں) میں چلتی ہے۔ کیونکہ وہاں پر انجن سے کام ہوتا ہے۔ انجن کے علاوہ یہ مشین بڑی طاقت چاہتی ہے۔ آدمی میں اتنی طاقت نہیں ہوتی۔ کہ جو ان مشینوں کو ہاتھوں یا پیروں سے چلا سکے۔ ان مشینوں سے ہر ایک قسم کا کپڑا بُنا جا سکتا ہے۔ اس مشین سے کپڑا اور تانا آپ ہی کھلتا اور لپٹتا ہے۔ صرف آدمی کو ان مشینوں میں دھاگے جوڑنے اور کانڈی لگانے کی ضرورت ہوتی ہے۔

ہیٹرسلی پاور لوم پر تانا چڑھانے کی ترکیب

اوّل تانے کے بیم کو پچھلی طرف لگاتے ہیں۔ پھر اس پر سے تانا اُتار کر نیچے کے اوپر کو لیجا کر آگے کی طرف لیجاتے ہیں۔ اور کنگھی کو ہتھے میں لگاتے ہیں۔ پھر رچھوں کو ریڈ کے پچھلی طرف اوپر کے بیلن اور نیچے کے پیڈلوں میں باندھتے ہیں۔ اور پھر تانے کی جتنی الگ الگ ساقی ہیں جو کہ رول (بیم) میں لگی ہوتی ہے۔ اس میں گرہ لگاتے ہیں۔ پھر تانے کے بیم کو کھینچتے ہیں۔ جب کل تانا تن جاتا ہے۔ اور بیم کے دونوں طرف کی گراری میں زنجیر لپیٹ کر نیچے پیڈل میں باندھتے ہیں پھر ان پیڈلوں پر وزن لٹکا دیتے ہیں۔ اس کے بعد مشین خالی چلا کر اس کے دم ٹھیک کر لیتے ہیں۔ اگر دم کم کھلتے ہوں۔ تو رچھوں کو اوپر نیچے باندھنے سے دم ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ اس کے بعد اس کی مار و چال وغیرہ ٹھیک کرتے ہیں۔ جس وقت یہ سب کام ٹھیک ہو جاتا ہے۔ تو پھر بُننا شروع کرتے ہیں۔

سوال۔ ٹیومیٹک ہینڈ لوم کس کو کہتے ہیں؟ اور کس چیز سے بنائی جاتی ہے؟ اور یہ بھی بتاؤ۔ کہ یہ مشین شروع میں کہاں ایجاد ہوئی تھی؟

جواب۔ ٹیومیٹک ہینڈ لوم جاپانی مشین کو کہتے ہیں۔ یہ لکڑی و لوہے سے بنائی جاتی ہے۔ یہ مشین شروع میں جاپان سے ایجاد ہوئی تھی۔ مگر اب ہندوستان میں بھی بنتی ہیں۔ یہ مشین زیادہ تر امرتسر میں بنتی ہیں۔ اور وہاں پر انہیں مشینوں سے کپڑا بُنا جاتا ہے۔

سوال۔ ٹیومیٹک ہینڈ لوم میں لوہے کا کیا سامان ہوتا ہے۔

جواب - اس مشین میں ۳ عدد گراری دانتے دار جنمیں ایک کا نام چال ہے ایک فرائیول اور عینک و سافٹین لوہے کے ہوتے ہیں۔ ان کے علاوہ چال کی گراری و ہنڈل بھی لوہے کا ہوتا ہے۔ باقی سب سامان لکڑی کا بنایا جاتا ہے۔

اوّل لوہے کی گراری دانتے دار ہوتی ہیں - یہ تینوں گراری آپسمیں چھوٹی بڑی ہوتی ہیں جنمیں سے ایک گراری ۱۰۰ دانتے کی دوسری ۵۰ دانتے کی اور تیسری ۲۵ دانتے کی ہوتی ہے ان میں سے ایک گراری کا نام چال ہے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۴۹)

سوال - فرائیول کس قسم کا ہوتا ہے۔

جواب - یہ لوہے کا ایک بڑا پہیہ ہوتا ہے - جو کہ سافٹین کو تیزی کے ساتھ گھماتا ہے - یہ بڑی گراری سے دو چند ہوتا ہے - (دیکھو تصویر نمبر ۵۰)

عینک و سافٹین بھی لوہے کی ہوتی ہے - سافٹین دو لگائی جاتی ہیں - اوپر کی سافٹین میں دونوں طرف ایک ایک انچ گہرائی کے کریک موڑے ہوتے ہیں (دیکھو تصویر نمبر ۵۱) اور دوسرے سافٹین میں دونوں طرف کتے لگائے جاتے ہیں - جو مال کی لکڑیوں کو چلاتے ہیں - اور سافٹین کے بیچ میں عینک لگی ہوتی ہیں - جو پیڈیوں کو اوپر نیچے کرتی ہیں - چال اسی سافٹین میں لگائی جاتی ہے (دیکھو تصویر نمبر ۵۲)

چال کی گراری و ہینڈل اور وزن وغیرہ یہ سب سامان بھی لوہے کا ہوتا ہے - گراری کپڑے کے بیم میں لگائی جاتی ہے - اور ہینڈل اس کے برابر لگا ہوتا ہے - ان مشینوں کا رواج آجکل مدراس میں کثرت سے پایا جاتا ہے - اور وہاں پر بنتی ہیں - یہ مشین ۱۲ گھنٹے میں تقریباً ۳۰ گز کپڑا نکالتی ہے - اس کی قیمت ۱۵۰ روپیہ ہے - اس کو بھی ہیٹ رسلی کی طرح ہاتھوں یا پیروں سے چلاتے ہیں - یہ مشین بہت ہلکی چلتی ہے - اور ہیٹ رسلی کی طرح آپ ہی کپڑا لپیٹتی اور کھولتی ہے - یہ ولایتی ہیٹرسلی کی نقل بنائی گئی ہے -

بیان کرگہ دیسی رامپوری ۴

سوال - دیسی کرگہ کس کو کہتے ہیں ؟ اور کس چیز سے بنایا جاتا ہے ؟ شروع میں کہاں پر ایجاد ہوا تھا ؟

جواب - دیسی کرگہ بھی ایک قسم کی مشین ہے - جو ہندوستان میں رامپور سے ایجاد ہوا تھا -

یہہ لکڑی سے بنایا جاتا ہے۔ اس کو زمین میں گڑھا کھود کر لگاتے ہیں اور نیچے زمین پر بیٹھ کر بنتے ہیں۔

سوال - دیسی کرگہ میں کل کتنے حصے ہوتے ہیں۔

جواب - دیسی کرگہ میں کل ۲۷ حصے ہوتے ہیں۔ جنکی فہرست معہ نام اور قسم کے ذیل میں درج ہیں۔

بیان پیمائش ہر حصہ کرگہ

اول کرگہ کی گہرائی ۲۲ انچ - چوڑائی ۲۷ انچ - اور لمبائی ۳۰ انچ زمین میں کھودے۔

نوٹ: - یہ لمبائی چوڑائی نیچے لکھی ہوئی پیمائش کے برابر ہے اگر بڑے عرض کا بنانا ہو۔ تو اسی حساب سے بڑا کر سکتے ہیں۔

اول کپڑے کے کھونٹوں کی لمبائی ۲۱ انچ اور چوڑائی ۴ ½ انچ بنوانی چاہیئے۔ جن میں سے ۱۲ انچ زمین کے اندر گاڑے جاویں گے۔ اور باقی ۹ انچ زمین سے اوپر رہیں گے۔ اور کپڑے کے بیلن کی لمبائی (جس پر کپڑا لپٹتا ہے) ایک گز ۲۷ انچ اور گولائی ۴ انچ ہونی چاہیئے۔ اور بڑے کھونٹوں کی لمبائی ۵ فٹ ۳ انچ - چوڑائی ۴ ½ انچ ہو۔ ان دونوں کھونٹوں پر ہتہ لٹکایا جاتا ہے

نوٹ: - بڑے کھونٹوں اور کپڑے کے کھونٹوں کے بیچ کا فاصلہ ۲۵ انچ ہونا چاہیئے۔ تانے کی کھونٹوں کی لمبائی ۲ فٹ اور چوڑائی ۴ ½ انچ بنوانی چاہیئے۔ جن میں سے ۱۲ انچ زمین کے نیچے اور باقی ۱۰ انچ زمین کے اوپر ہو۔ اور ہتے کے دونوں بازو ۳ ½ فٹ لمبے - ۲ انچ چوڑے اور ایک انچ موٹے ہوں - اور پٹری اوپر کی جنہیں ہتے کے ہاتھ لگائے جاتے ہیں۔ لمبائی مطابق مشین چوڑائی ۲ انچ اور موٹائی ایک انچ بنوائے۔

اور دو عدد چیپتی جو کہ اوپر کی پٹری اور ہاتھوں اور سٹیل کی پٹری میں لگاتے ہیں۔ ان کی لمبائی حسب ضرورت چوڑائی ۱ ½ انچ موٹائی ¾ انچ ہو۔ اور کنگھی کے اوپر کی لکڑی جس سے ریڈ دبی رہتی ہے۔ اس کی لمبائی حسب ضرورت چوڑائی و موٹائی ۲ انچ - پٹری ہتہ جس پر سٹیل دوڑتی ہے لمبائی حسب ضرورت - چوڑائی ۳ انچ - جس میں سے ایک انچ میں ریڈ کی چھری پیچھے نکالی ہوئی اور باقی ۲ انچ تیار جس پر سٹیل دوڑتی ہے - (دیکھو تصویر نمبر ۵۳)

نوٹ: - ہتہ کا بکس ۱ ½ گز کے عرض میں ۸ انچ لمبا ہونا چاہیئے۔ اور چوڑائی بکس سٹیل کے برابر ہونی چاہیئے۔ ٹیلکے کی چھری سے نیچے کی چیپتی کی چوڑائی ۲ انچ اونچی اور چھری سے اوپر ۵ سوت

اونچی ہونی چاہیے۔ اور ریڈ کنگھی کی جھری ۴½ سوت گہری ۴ سوت چوڑی کوٹھی نما ہونی چاہیئے
گدکا بکس کے مطابق ہونا چاہیئے۔ اور سٹیل بھی بکس کے مطابق ہونی چاہیئے۔ اور چپٹی دو عدد ڈیکاٹ
سے جالا باندھنے کی لمبائی حسب ضرورت چوڑائی ۲ انچ اور موٹائی ایک انچ کی ہونی چاہیئے۔
اور ۳ عدد چپٹی چکلی سے جالا باندھنے کی ان کی لمبائی حسب ضرورت چوڑائی ۲ انچ۔ موٹائی
ایک انچ ہونی چاہیئے۔
پیڈل کی لمبائی ایک فٹ اور چوڑائی و موٹائی ۱½ انچ ہونی چاہیئے۔ موٹھیا و ہیلڈ و ریڈ
حسب ضرورت ہونی چاہیئے۔ پلیٹ اس قدر چوڑے ہونے چاہئیں۔ جن کا قطر ایک فٹ اور موٹائی
½ انچ ہو۔ (دیکھو تصویر نمبر ۵۵)

دیسی کرگہ کو فٹ کرنا

اوّل زمین پر ۲۴ انچ گہرا۔ ۲۷ انچ چوڑا اور ۳۰ انچ لمبا مستطیل گڑھا کھودنا چاہیئے۔ اس کے
بعد بڑے کھونٹے کرگے کے سرے سے ۲۵ انچ کے فاصلے پر ۱۸ انچ لمبے زمین کے اندر گاڑ دے اور باقی
اوپر نکلے رہیں۔ اس کے بعد چھوٹے کھونٹے بڑے کھونٹوں سے ۲۵ انچ کے فاصلہ پر اپنی طرف
ایک فٹ زمین میں گاڑ دے اور باقی ۹ انچ زمین سے اوپر رہیں۔ اور بیلن کی گولائی ۴ انچ ہونی چاہیئے
اس کے بعد دو چھوٹے کھونٹے بڑے کھونٹوں سے (جس پر تانے کا بیم رہتا ہے) حسب ضرورت لمبائی
پر گاڑھنے چاہئیں۔ مگر وہ ۱۱ انچ زمین کے اندر ہوں اور باقی ۱۰ انچ زمین سے اوپر رہیں۔ یہ تینوں
کھونٹے ایک سیدھ میں ہونے چاہئیں۔ پھر ڈوری سے ان چاروں چھوٹے کھونٹوں کا قطر
آپس میں ایک ہی لمبائی پر ناپ کر لے۔ پھر لیول رکھ کر اس کی اونچائی۔ نیچائی وغیرہ سب ٹھیک کر لینی
چاہیئے۔

بیان مشین فلائی سٹیل

سوال:۔ فلائی سٹیل کس کو کہتے ہیں؟ اور کس چیز سے بنائی جاتی ہے؟
جواب۔ فلائی سٹیل بھی ایک قسم کی کپڑا بننے کی مشین ہوتی ہے۔ یہ لکڑی کی بنتی ہے۔ مگر
دو گراری دونوں رولوں میں لوہے کی ہوتی ہیں۔
سوال۔ فلائی سٹیل مشین کے قسم کی ہوتی ہیں۔
جواب۔ فلائی سٹیل مشین مختلف قسم کی ہوتی ہیں۔ اس مشین کو ہر ملک کے آدمی اپنی علیحدہ

طرز پر بنوا لیتے ہیں۔ مگر تنہ جسپہ سٹیل دوڑتی ہے۔ وہ سب کا ایکسان ہوتا ہے۔ فقط اس کا فریم ہی بدلا جاسکتا ہے۔ اس کتاب میں صرف دو طرز کے فریم کے نمونے کی شکل دی گئی ہے۔ جن میں سے ایک احمد آباد کا طرز ہے۔ دوسرا دہلی کا ہے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۵۸ و ۵۹)

بیان پیمائش فلائی سٹیل کے ہر ایک حصہ کی علیحدہ علیحدہ

اوّل فلائی سٹیل کے چار کھمبے جن کی لمبائی ۵ فٹ ۲ انچ - اور چوڑائی ۳ ½ انچ و موٹائی بھی چوڑائی کے برابر بنوانی چاہیئے۔ پھر لمبائی کے بازو ۴ فٹ ۹ انچ لمبے ۳ انچ چوڑے اور ۲ انچ موٹے چار عدد اوپر نیچے کے بنوا لینے چاہئیں۔ اس کے بعد میں ۲ کھونٹے ۲ فٹ ۲ ½ انچ لمبے ۳ انچ چوڑے ۲ انچ موٹے بنوا کر ان کو لمبائی کے بازوں پر بڑے کھمبوں سے ۴ انچ کے فاصلے پر گاڑھ دے پھر ایک لکڑی جس کی لمبائی حسب ضرورت اور چوڑائی و موٹائی ۲ انچ بنوا دے۔ جس کا اوپر کا سر اگول ہو۔ پھر دو عدد لکڑی جنہیں کہ رول (بیم) رکھا جاتا ہے۔ ان کی لمبائی حسب ضرورت اور چوڑائی موٹائی ۲ ½ انچ بنوا کر بیچ میں سوراخ کروا دے۔

نوٹ:- یہ چھوٹے کھونٹوں سے ۴ انچ کے فاصلہ پر ہونی چاہیئے۔ بیم کی گولائی ۴ انچ اور لمبائی حسب ضرورت۔

اب ہتنے کے دونوں ہاتھوں کی لمبائی ۲ فٹ ۴ ½ انچ چوڑائی ۲ انچ اور موٹائی ایک انچ بنوائیں۔ سٹیل کے اوپر کی پٹڑی فریم کی چوڑائی کے مطابق ہونی چاہیئے۔ تانے کے بیم کی گولائی ۴ انچ اور لمبائی حسب ضرورت۔

رولوں کے واسطے پلیٹوں کی چوڑائی یعنی قطر ایک فٹ اور ایک انچ موٹے۔ مگر یہ خیال رہے کہ دونوں کے اوپر کے سر نوکیلے ہونے چاہئیں۔ دونوں رولوں کے واسطے گراری حسب ضرورت ہوں۔ ۴ عدد براکٹ لوہے کے پچھلے کھمبوں کے واسطے حسب ضرورت - اور بیٹھک کا تختہ بھی دونوں اگلے کھمبوں کے بیچ میں لگنا چاہیئے۔ پیڈلوں کی لمبائی ۱۳ فٹ چوڑائی ۱ ½ انچ - موٹائی ایک انچ ہونی چاہیئے۔ اوپر کا جالا باندھنے کے ڈیکاٹ وغیرہ حسب ضرورت ہونے چاہئیں (دیکھو تصویر نمبر ۵۸ و ۵۹)

ضروری اور یاد رکھنے کی باتیں

نوٹ (۱) یاد رکھنا چاہیئے کہ کپڑے کا کنارا بنانے کے واسطے کپڑے کے دونوں طرف تانے میں موٹا سوت لگانا چاہیئے۔ یا اگر اسی نمبر کا سوت (جس کا تانا ہو) لگانا منظور ہو۔ تو اس کو رچھوں کے ہر ایک گھر میں دو دو تار نکال کر پٹی (کنگھی) کے ہر ایک گھر میں چار چار تار نکالنے چاہئیں۔ جس سے کپڑے کا کنارا بہ نسبت اس کپڑے کے دونا موٹا ہو جاتا ہے کپڑے کا کنارا کم سے کم ½ انچ چوڑا بنانا چاہیئے۔ کپڑا جس رنگ کا ہو۔ اس کا کنارا دوسری طرح کا بدلنا چاہیئے۔ اگر کپڑا سفید ہو تو کنارا رنگین اور اگر کپڑا سبز یا اور کسی رنگت کا ہو۔ تو کنارا سفید یا اسی رنگ کے موافق ڈالنا چاہیئے۔

نوٹ (۲) اس کے علاوہ اگر ہم کو ڈوریا بنانا ہو تو ہم اس کا حساب تانے میں ہی رکھیں گے۔ یعنی ہم کو ڈوریئے میں جتنی دوری پر موٹا سوت لگانا ہو تو تانے کے کل عرض میں ٹھیک اتنی ہی دوری پر موٹے سوت لگانے چاہئیں۔ اور پھر بانا اسی باریک نمبر کا ڈالدینے سے ڈوریا بن جاتا ہے۔ یا اگر اسی ڈوریئے کا چارخانہ بنانا ہو تو تانے میں جتنی دوری پر موٹا سوت ہوتا ہے تانے میں اتنی ہی دوری پر موٹا سوت ڈالنے سے چارخانہ بنجاتا ہے۔ یا اگر رنگین چارخانہ بنانا ہو تو تانے میں جسطرح رنگین سوت لگے ہوں۔ بانے میں ویسا ہی سوت ڈالدینے سے چارخانہ ہو جاتا ہے

نوٹ (۳) چارخانہ بنانے میں جتنے رنگ ڈالے جاتے ہوں۔ اتنے ہی سٹیل رکھنے چاہئیں۔ کیونکہ اگر اتنے سٹیل نہ ہوں اور ایک سٹیل سے کام کیا جائے۔ تو اس طرح کپڑا بنانے میں زیادہ وقت صرف ہوتا ہے۔ کیونکہ اس میں جگہ بہ جگہ رنگین کانڈی چڑھانے اور نکالنے میں زیادہ وقت لگتا ہے۔ اور اگر رنگوں کی تعداد کے مطابق سٹیل ہوں تو اس سے کپڑا جلدی بُنا جا سکتا ہے کیونکہ ہر ایک رنگ کی کانڈی سٹیل میں تیار لگی رہتی ہے۔ جس رنگ کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسی رنگ کے سٹیل سے بُننا شروع کر دیتے ہیں۔ پھر جب رنگ کی ضرورت ہوتی ہے۔ پہلے رنگ کے سٹیل کو نکال کر اسی رنگ کا چڑھا دیتے ہیں۔ اس طرح کپڑا جلدی بنا جا سکتا ہے۔ اور اگر ٹسر بنانی ہو تو ٹسر کے تانے میں بانا بہ نسبت تانے کے موٹا ڈالنا چاہیئے۔ کیونکہ بانا بغیر موٹا ڈالے ٹسر میں دانہ نہیں اُٹھتا۔ اور جب تک ٹسر میں دانہ نہ اُٹھے۔ تب تک اس کپڑے کی بُناوٹ کو ٹسر نہیں کہہ سکتے ٹسر اور گاڑھے میں صرف اتنا ہی فرق ہے کہ گاڑھے کا پوت (سطح) چکنی ہوتی ہے۔ اور ٹسر کی سطح کھُردراپن لئے ہوتی ہے۔ کیونکہ اُس میں بانا موٹا ڈالا جاتا ہے۔

نوٹ (۴) اگر سٹیل ہتے کی پٹری سے دوڑتا ہوا گر جائے۔ تو سمجھ لینا چاہیئے۔ کہ گنگوں کی ماریں فرق ہے یا اگر سٹیل ہتے کی پٹری پر سینڈک کی طرح کودتا ہوا جائے۔ تو وہ پٹری کا فرق ہوتا ہے اس کو لیول لگا کر ٹھیک کرنا چاہیئے۔ یا اگر سٹیل چلتے ہوئے تانے میں اٹک یعنی پھنس جائے تو سمجھنا چاہیئے۔ کہ یہ ٹھیک دم نہ کھلنے کی خرابی ہے اس وقت رچھوں کو اوپر نیچے باندھ کر دم ٹھیک کر لینے چاہئیں۔ جب سے سٹیل کی رفتار میں کچھ رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ اور بعض دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ سٹیل تانے کے دھاگوں کو کاٹ کر باہر نکل آتا ہے۔ اس کی یہ وجہ ہے کہ سٹیل کا پیندا یا ہتے کی پٹری خراب ہوتی ہے۔ اس کو دیکھنا چاہیئے۔ اگر سٹیل کا پیندا خراب ہے۔ تو سٹیل کو بدلنا چاہیئے۔ یا اس کے پیندے کو ٹھیک کرنا چاہیئے۔ اگر پٹری خراب ہے تو پٹری کو ٹھیک کرنا چاہیئے۔

نوٹ (۵) یاد رکھنا چاہیئے کہ تانا جس نمبر کی ہٹی (کنگھی) میں بھرا جائے رچھ (ریے) بھی اسی نمبر کے ہونے چاہئیں۔ اگر رچھوں یا کنگھی کے نمبروں میں فرق پڑ جائے۔ تو اس کی خرابی تانے میں آجاتی ہے۔ کیونکہ تانے کے تار ترچھے ہو جاتے ہیں تار ترچھے ہونے کی وجہ سے دھاگے زیادہ ٹوٹنے لگتے ہیں۔ کیونکہ تار ترچھے ہونے کی وجہ سے کنگھی میں رگڑ کھانے لگتے ہیں جس سے کنگھی کے گیپے ان تاروں کو چھیل کر توڑ دیتے ہیں۔ یہ وجہ زیادہ تار ٹوٹنے کی ہے۔ تانا جس نمبر کی ہٹی میں بھرا جائے اسی نمبر کے رچھوں میں بھرنا چاہیئے۔ بیم (رول) پر تانا بھی اسی نمبر کی کنگھی کے مطابق لپٹنا چاہیئے۔ جس سے تانے کے دھاگے ایک سیدھ میں رہیں۔ جس طرح تانے کے دھاگے ایک سیدھ میں ہوں۔ اسی طرح بانے کے دھاگے بھی ایک سیدھ میں پڑنے چاہئیں جس سے کپڑے کی سطح (ریونٹ) چکنا اور صاف معلوم ہونے لگتا ہے۔ سادی بناوٹ دیکھنے میں آسان معلوم ہوتی ہے۔ مگر بغیر پریکٹس یا تجربے کے وہ بھی ٹھیک نہیں بنی جاتی۔ کیونکہ اس میں بھی کہیں پر جھری اور کہیں پر زیادہ ٹھوک لگنے کی وجہ سے گھنڈکا پن معلوم ہونے لگتا ہے بلا پریکٹس یا تجربے کے کوئی کام ٹھیک نہیں ہوتا۔ تجربے سے ہی رچھوں (رابس) کو نیچے اوپر کرنے کا ٹھیک اندازہ پڑ جاتا ہے۔ اگر رچھ زیادہ کھینچکر باندھ دیتے ہیں۔ تو پاڈریوں کے دبانے سے وہ زیادہ اوپر چڑھ جاتے ہیں۔ جس کی وجہ سے دھاگے زیادہ ٹوٹنے لگتے ہیں اور اگر رچھ تھوڑے کھینچکر باندھے جائیں۔ تو دم ٹھیک نہیں کھلتا۔ جس کی وجہ سے سٹیل تانے کے بیچ میں پھنس جاتا ہے یا کاٹ کر باھر نکل جاتا ہے۔ اس کے سوائے ہتے کی ٹھوک بھی کم زیادہ لگنے سے دھاگوں کو نقصان پہنچا دیتی ہے۔ یہ سب باتیں بغیر پریکٹس یا تجربہ کے نہیں آتیں۔ تجربہ یا پریکٹس ہو جانے پر آدمی

موٹا و باریک ہر ایک طرح کا کپڑا بن سکتا ہے اس میں اس کو کسی بات کا اندیشہ نہیں رہتا۔
نوٹ (۶) کپڑے میں ایک سی چوڑائی (عرض) رکھنے کے واسطے پنج (ٹمپل) لگانا چاہیئے یہ پنج لکڑی سے بنائی جاتی ہے۔

ترکیب پنج بنانا

اول دو پتلی اور صاف چپتی بناتے ہیں۔ جنکی چوڑائی ۱/۴ ۳ انچ اور موٹائی ۲ سوت ہونی چاہیئے پھر ان کے ایک سرے پر باریک میخ گاڑھ دینی چاہیئے۔ اور دوسرے پر سوراخ کھولکر دونوں میں دھاگا باندھ دیتے ہیں۔ اس کے بعد ڈوری کے دو چھلے بناکر ان میں ڈالدیتے ہیں۔ جن سے کہ پنج سخت و نرم (ڈھیلی) کی جاتی ہے۔ (دیکھو تصویر نمبر ۶)
اس کو اس طرح لگاتے ہیں۔ کہ جہاں تک کپڑا بن جاتا ہے اس سے آگے پنج کے دونوں سر کناری میں لگاتے ہیں۔ اور ان ڈوری کے چھلوں کو کڑا (سخت) کرتے ہیں۔ جس سے کپڑا تن جاتا ہے۔ اور تمام کپڑے کا عرض اسی انداز پر رہتا ہے۔ جوں جوں کپڑا بنتا جاتا ہے۔ تیوں تیوں اس پنج کو بھی آگے کو سرکاتے جاتے ہیں۔
نوٹ۔ یاد رکھنا چاہیئے کہ کپڑے میں جہاں تک بانے کے پک پڑجائیں۔ پنج ان سے آگے لگانی چاہیئے

کپڑے کے کسی نمونے میں سوتوں کی تعداد چیورا اور وزن معلوم کرنے کا قاعدہ

